www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com saharaexpresspatna1@gmail.com



روزنامہ
پٹنہ
سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,PATNA

Urdu Daily Published From
Patna, Ranchi & Delhi

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:338 17.12.2024 **TUESDAY** Re.01 Page:08

جلدنمبر:14 شمارہ:338/منگل/۱۷/دسمبر/۲۰۲۴/مطابق/۱۴/جمادی الآخر/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08



सत्यमेव जयते



# BEST HUMANITY AWARD 2024



## SHAHIN PERWEEN

Managing Editor Sahara Express

For your great service in the field of Human Service/ Govt. Service

**on the occasion of**

## International Human Rights Day 2024

*Organized by*

## NATIONAL HUMAN RIGHTS
### SOCIAL JUSTICE COUNCIL OF INDIA
### GLOBAL WWAO

Incorporated Under the Legislation of Govt. of India


**Working under the high commission of Human Right Geneva**

Justice R.S Bedi (Retd.)
International Chairman
U.N.O. Member
(NHRSJC of India) Global

Dr. Shahida Parveen
National Chairperson
NHRSJC of India (Global)

AMB. Prof. Dr. Adv. M. I. Zargar
Diplomatic Global Peace Ambassador
Director General Of India
(NHRSJC of India) Global
Toll Free: +91 7889409723

WESSO(NGO) SDRPTE (NGO) RSSS DESH KA VIKAS GGFCT Sports & Cultural Association Society IHU (GLOBAL) NSJC National Social Justice Commission WWHC


# Gulab Jewellers
Gulab Tower Bakerganj,Patna-800 004
गुलाब ज्वेलर्स
Tejaswi Kr. Kr.Sarraf
Mob:-7870075608
گلاب جوئیلرس
ONLY 22 CT BIS 91.6
गुलाब टॉवर,बाकरगंज,पटना-800004 E-Mail:gulabjewellers157@gmail.com
Deals in Gold,Silver,Daimond,Platinum,Hallmark18ct.&22ct Jewellery




# HANZALA TOUR & TRAVEL PVT. LTD.
حنظلہ ٹور اینڈ ٹریول پرائیویٹ لیمیٹیڈ
H.O. : 9/A, Lower Ground Floor, Fazal Imam Complex, Fraser Road, Patna 1
Toll Free : 1800-1211-786 Mob. : 9576786786
Email : hanzalaheadoffice@gmail.com | Website : www.hanzalatt.com.in
A Complete HAJJ UMRAH & ZEYARAT Package Solution

| 21 JAN & 5feb, 2025 | 18 FEB, 2025 | 31 MARCH, 2025 | 28 FEB, 2025 |
|---|---|---|---|
| 4o Times Prayers in Madinah | SHABAN RAMZAN | 21DAY'S Ramadan | Full Month Ramadan |
| ₹ 1,09,999/- | ₹ 1,39,999/- | ₹ 1,59,999/- | ₹ 1,89,999/- |
| SAUDI AIRLINES Patna To Patna | SAUDI AIRLINES Patna To Patna | SAUDI AIRLINES Patna To Patna | SAUDI AIRLINES Direct Flight |

HOTEL in MAKKAH (within 300-350 Mtr.) REHAB AL TAQWA OR SIMILOR
RAMZAN-2025 BOOKING GOING ON
Hotel in MADINA (within 50-100 Mtr.) ZOHRA GROUP
9507577786, 9507777786, 9507877786
We Regard Pilgrim as MEHMAAN-E-HARMAIN SHARIFAIN

| DHAKA/E.CHAMPARAN | NAWADA | KISHANGUNJ | JAMUI | SAHARSA | SIWAN | SILAO,NALANDA |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 9097001221 | 8700152814 | 8809175786 | 9507052786 | 9471256814 | 9973250972 | 9570625268 |
| MD. TABREZ | ARSHI | SYED AHMED KABIR | AFTAB MALLICK | RAHMAT HUSSAIN | PURNAM SIWANI | FAIZAN ALAM |
| ARARIA | BIHAR SHARIF | MOTIHARI | HARCHANDA | MUZAFFARPUR | MUBARAKPUR | GOPALGANJ |
| 9852382797 | 9798606457 | 9576078605 | 9576078610 | 8757115859 | 7033041817 | 8294797194 |
| QARI NEYAZ | AFAQUE AHMAD | SHAHNAWAZ | HAJI NURUL HUSSAIN | ANWAR SHOIB | QARI NAZIR | KHURSHID |



# ZAM ZAM
زم زم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
Hajj Umrah Tour & Travel
Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| 18 NOV 2024 | 22 DEC 2024 | 25 JAN 2025 | 02 MAR 2025 |
|---|---|---|---|
| 95,999/- | 95,999/- | 95,999/- | 1,60000/- Full 30 Day Ramdan |
| DELHI TO DELHI | DELHI TO DELHI | DELHI TO DELHI | DELHI TO DELHI |


Ramdan Booking Start 2025
LAST 20 DAY RAMDAN 13 MAR 2025 DELHI TO DELHI (1,50,000/-) PATNA TO PATNA (1,60,000/-)
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA
Makkah Hotel Within 300-350 Mtr
Package Includes
Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance
Madina Hotel Within 100-150 Mtr
9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246
PATNA TO PATNA 1,05,000/-
CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | BHAGALPUR | ALAMGANJ PATNA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir Hussain 9308841431 8409715125 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Sajid Qaiser 9122167786 | Md. Chand 8210695856 | Kamil Khan 9631923254 | Md. Rizwan 8292847945 Md. Ashraf- 8228826640 |



دیارے حرم
حج عمرہ ٹورس پرائیویٹ لمیٹڈ
# DAYARE HARAM
HAJJ UMRAH TOURS PVT LTD
AIHUTOA ISO IATA
عمرہ
17 DAY UMRAH TOUR 2025
Premimum Semi-Delux Package
DEP: 17 Jan. 2025 / RET: 02 Feb. 2025
Direct Flight DEL JED DEL
By Saudi Airlines
SV 759 17 JAN DEL JED 2005 2350 / 2PC
SV 756 02 FEB JED DEL 0215 0945 / 2PC

| | |
|---|---|
| 5 & 4 Sharing Room | Rs. 88,999/- |
| 3 Sharing Room | Rs. 98,999/- |
| 2 Sharing Room | Rs. 1,08,999/- |



Package Includes:
Return Air Ticket |
Umrah Visa with Insurance |
Best of Accommodation
Indian Meals 3 Time |
Air-conditioned Transportation |
Local Ziyarats in Makkah & Madinah |
5 Liters Zam Zam |
2 Time Laundry | Gifted Umrah Kit |
Exprienced Tour Guide
Document Required
* Valid Passport 6 Months
* Pan Card
* 2 Pc Photo (with White Background)
* Final Vaccination Certificate
Abdur Razaque
( 11 years experiance )
+91-9555659996
HOTEL DETAIL
MAKKAH: Shams Al Zahbi Hotel Hotel / SIMILAR
(10 Nights 3 STAR-350 Mtr.)
MADINAH: Sebal Plus HOTEL / SIMILAR
(6 Nights 3 STAR-200 Mtr.)
DAYARE HARAM
HAJJ UMRAH TOURS PVT. LTD.
1st Floor, Shop No- 5 & 6, M.H. Market
Karamganj Road, Near Shiksha Bhawan
Laheriasarai, Darbhanga, Bihar - 846001
Mob- +91 9031310178, Tel- 06272-351228
Web : www.dayareharam.com
Email : info@dayareharam.com



# HAFEEZ TOUR AND TRAVEL
حفیظ ٹور اینڈ ٹریول
A/16 ADISON ARCADE, FRASER ROAD, OPP. DOOR DARSHAN, PATNA-1
PACKAGES
(UMRAH DEPARTURE)
* 20th January 98,900/- Saudi Airlines Delhi to Delhi
* 15th February 98,900/- Saudi Airlines Delhi to Delhi
* 10th March (RAMZAN EID IN INDIA) 166,900/- Saudi Airlines Delhi to Delhi
SERVICES
Accommodation, Visa, Ticket, Laundry, Zeyarat makkah & Madina, Transportation, Food, Tour Assistance


HOTELS
Makkah Hotel (Within 350-400 mtr)
DAR AL KHALIL
AL RUSHAD
Madina Hotel (Within 100-150 mtr)
REYAZ AL ZAHRA
40 TIMES NAMAZ IN MADINA
حسب ضرورت عمرہ پیکج بھی دستیاب ہے۔
COMPLIMENTARY
BAG PACK CHAPPAL BAG ZAMZAM 5LTR
PATNA TO PATNA Rs.1,10,900/-
PATNA TO PATNA (RAMZAN) 1,76,900/-
9835009701
9386899468

www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com ● saharaexpresspatna1@gmail.com



روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ

SAHARA EXPRESS,PATNA

*Urdu Daily Published From Patna, Ranchi & Delhi*

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:338 17.12.2024 **TUESDAY** Re.01 Page:08

جلدنمبر:14 شمارہ:338/منگل/۱۷/دسمبر/۲۰۲۴/مطابق/۱۴/جمادی الآخر/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08






Best
Excellency Award
Journalist/
Writer/ Poet
2024

**PRESENTED TO**



# SHAHIN PERWEEN

Managing Editor
Sahara Express

*Organized by*

# NATIONAL HUMAN RIGHTS
## SOCIAL JUSTICE COUNCIL OF INDIA
## GLOBAL WWAO

Incorporated Under the Legislation of Govt. of India

**Working under the high commission of Human Right Geneva**

**Justice R.S Bedi (Retd.)**
International Chairman
U.N.O. Member
(NHRSJC of India) Global

**Dr. Shahida Parveen**
National Chairperson
NHRSJC of India (Global)

**AMB. Prof. Dr. Adv. M. I. Zargar**
Diplomatic Global Peace Ambassador
Director General Of India
(NHRSJC of India) Global
Toll Free: +91 7889409723

**THIS AWARD IS HONORED FOR YOUR OUTSTANDING PERFORMANCE IN THE FIELD OF**

## JOURNALISM/ WRITER/ POET

*On the occasion of*

# INTERNATIONAL HUMAN RIGHTS DAY 2024

RSSS RASHTRIYA SAMAJ SUDHAR SANSTHAN

DESH KA VIKAS

Sports & Cultural Association Society

IHU (GLOBAL)

NSJC National Social Justice Commission

WWHC

WESSO(NGO)

SDRPTE (NGO) SOCIAL DEVELOPMENT REHABILITATION PEACE & TECHNICAL EDUCATION

روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

## 'سی آئی اے سے تربیت یافتہ' تبت کے کمانڈو جنھیں انڈیا نے 1971 میں پاکستان کے خلاف استعمال کیا

مئی 1971 میں انڈیا کے آرمی چیف نے جنرل آفیسر کمانڈنگ، ایسٹرن کمانڈ کو ایک خفیہ حکم دیا جس سے ایک ایسی مہم کا آغاز ہوا جس کا خاتمہ پاکستان کے مشرقی حصے کی علیحدگی پر ہونا تھا۔ دفاعی امور کے ماہر انڈین لکھاری پروین سوامی کے مطابق اس خفیہ حکم کو 'آپریشن انسٹرکشن 52' کا نام دیا گیا۔ 'اس کے ذریعے انڈیا کی افواج کو باضابطہ طور پر حکم دیا گیا کہ وہ 'بنگلہ دیش کی عارضی حکومت کی آزادی کی تحریک کی مدد کریں' اور 'مشرقی بنگال میں گوریلا کارروائیوں کے لیے لوگوں کو اسلحے سے لیس کریں اور تربیت دیں۔' سوامی انگریزی اخبار 'دی ہندو' میں چھپے اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ ایسٹرن کمانڈ کو یقینی بنانا تھا کہ گوریلا فورسز 'مشرقی بنگال میں پاکستانی فوجی دستوں کو حفاظتی کاموں میں الجھائیں'، 'مشرقی میدانِ جنگ میں پاکستانی افواج کے حوصلے پست اور کمزور کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی آسام اور مغربی بنگال کے خلاف کسی بھی جارحیت کے لیے ان کی لاجسٹک صلاحیت کو مسدود کریں'، اور آخر کار 'پاکستان کی ہمارے خلاف جنگ چھیڑنے کی صورت میں' وہ باقاعدہ انڈین فوج کے شانہ بشانہ استعمال کی جائیں۔ 'ان احکامات کو عملی جامہ پہنانے کا کام سوجن سنگھ اُوبن پر آن پڑا۔ بریگیڈیئر اُوبن (بعد میں میجر جنرل) ایک آرٹلری افسر تھے جنھیں سپیشل فرنٹیئر فورس (ایس ایف ایف) کی قیادت کے لیے چنا گیا تھا۔ یہ ایک خفیہ فوج تھی جسے امریکہ کی سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی (سی آئی اے) کی مدد سے تبت میں چینی افواج پر حملوں کے لیے قائم کیا گیا تھا۔' تبت، چین اور انڈیا کے موضوعات پر لکھنے والے فرانسیسی نژاد مصنف کلاڈ آرپی نے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں انڈیا کے وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے ان دو خطوط کا حوالہ دیا ہے جن میں انھوں نے چین کے خلاف 1962 کی جنگ میں امریکہ سے مدد طلب کی تھی۔ آرپی نے ڈی کلاسیفائی کی گئی امریکی دستاویزات اور کینتھ کونبوائے اور جیمز موریسن کی کتاب 'دی سی آئی اے سیکرٹ واران تبت' کے حوالوں سے امریکی اعلیٰ حکومتی اور سی آئی اے عہدیداروں کی انڈیا کی انٹیلیجنس بیورو کے سربراہ بی این ملک اور دیگر اہلکاروں سے ملاقات کی تفصیل لکھی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ 'امریکی عہدیداروں سے یہ وعدہ لینے کے بعد کہ ہماری (انڈیا کی) اس میں شمولیت ہمیشہ خفیہ رکھی جائے گی'، 'سی آئی اے اور آئی بی نے کام کی تقسیم پر اتفاق کیا۔ سی آئی اے کی مدد سے آئی بی پانچ ہزار افراد پر مشتمل ٹیکٹیکل گوریلا فورس کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ بنا۔' سی آئی اے کا فار ایسٹ ڈویژن تبت کے اندر طویل فاصلے تک مزاحمتی تحریک پیدا کرے گا اور شمالی نیپال میں تبتی آزادی کے جنگجو سی آئی اے کے تحت رہیں گے۔' ایس ایس ایف کو بعد میں 'اسٹیبلشمنٹ 22' یا 'ٹوٹوز' کے نام سے جانا جانے لگا کیونکہ اُوبن اس سے قبل 22 آرٹلری ماؤنٹین رجمنٹ کے کمانڈر کے طور پر خدمات انجام دے چکے تھے۔ تاہم پروین سوامی کے مطابق 'ایس ایف ایف جو کچھ عرصہ پہلے تک انڈیا کی بیرونی خفیہ سروس، ریسرچ اینڈ اینالیسز ونگ، یا 'را' کے مسلح ونگ کے طور پر کام کرتی رہی ہے چین میں کبھی نہیں لڑی۔' سنہ 1962 میں قائم ہونے اور سی آئی اے سے تربیت پانے والی اس تنظیم کو ستمبر 1967 میں باقاعدہ طور پر انڈیا کی خفیہ ایجنسی را کے حوالے کر دیا گیا اور بعد میں انھیں مشرقی پاکستان میں استعمال کیا گیا۔ سوامی کے مطابق 'جولائی 1971 میں انڈیا کی جنگی تاریخ کے مطابق پہلے بے قاعدہ دستوں کو مداری پور سے سرحد پار دراندازکروایا گیا۔'

# رسم الخط کی اہمیت



ڈاکٹر سراج الدین ندوی
ایڈیٹر ماہنامہ اچھا ساتھی۔ بجنور 9897334419

جس طرح انسانی بدن میں دل کی اہمیت ہے کہ اس کے بغیر زندہ رہنے کا تصور ناممکن ہے اسی طرح کسی زبان کی حیات اس کے رسم الخط سے وابستہ ہے۔ جس طرح کسی شخص کی شناخت اس کے چہرے سے ہوتی ہے اسی طرح کسی زبان کی پہچان کا ذریعہ اس کا رسم الخط ہے۔ اگر آپ انسان کے جسم سے اس کا چہرہ الگ کر دیں تو شناخت ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہوجائے گی۔ آپ کو قریب سے جا کر سر کٹے انسان کے بعض اعضاء کا گہرائی سے مطالعہ کرنا ہوگا اور اس سر کٹی لاش کے کسی قریبی عزیز کو بلانا ہوگا جو اس کے قابل ستر اعضاء کی ساخت سے واقف ہو اور پہچان کر سکے۔ اسی طرح جب کسی زبان کو اس کے رسم الخط سے الگ کر دیا جائے تو اس زبان کی شناخت اس رسم الخط سے وابستہ ہوجائے گی جس میں وہ لکھی گئی ہو۔ مثال کے طور پر آپ اردو کا کوئی شعر دیوناگری رسم الخط میں لکھیں تو پہلی نظر میں دیکھنے والا اسے ہندی زبان کا شعر ہی کہے گا یہ الگ بات ہے کہ اردو زبان سے واقف کوئی ادیب یہ کہے کہ ''شعر تو اردو زبان کا ہے مگر اس کو ہندی میں لکھا گیا ہے۔'' یہی معاملہ دوسری زبانوں کا بھی ہے۔ ہندی زبان کو فارسی رسم الخط میں لکھنے سے اگر چہ وہ فارسی اور اردو نہیں بن جاتی لیکن بظاہر وہ فارسی اور اردو ہی نظر آتی ہے۔

اردو زبان پر جو مظالم ڈھائے گئے ہیں ان میں سے ایک ظلم یہ ہے کہ اس کے رسم الخط کو مٹانے کی کوششیں مسلسل کی جارہی ہیں۔ ظالموں نے پہلے اسے تعلیمی نصاب سے باہر کیا، پھر سرکاری ملازمتوں اور مراعات سے محروم کیا، اس پر ملک دشمنی کے الزامات لگائے گئے، اس کی درسی کتابوں کو آؤٹ آف اسٹاک کہہ کر طالب علم کو دوسرا مضمون لینے پر مجبور کیا گیا اور اب اس کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے کی تیاری ہے کہ اردو کو اس کے رسم الخط سے محروم کر دیا جائے۔ اردو رسم الخط کی مخالفت کرنے والوں میں ان لوگوں کا نام شامل ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں جن کی اسلام اور مسلم دشمنی جگ ظاہر ہے۔ لیکن اہنسا کے پجاری اور مسلمانوں کو اپنی آنکھ کہنے والے، مہاتما جناب کرم چند گاندھی کا نام اس فہرست میں دیکھ کر افسوس ہوتا ہے۔ گاندھی جی نے بھارتیہ ساہتیہ پریشد کے جلسے منعقدہ 1936ء ناگپور میں کھل کر اُردو زبان کی مخالفت کی اور کہا۔ ''اُردو زبان مسلمانوں کی مذہبی زبان ہے، جو قرآن کے حروف میں لکھی جاتی ہے اور مسلمان بادشاہوں نے اسے پھیلایا۔ مسلمان چاہیں تو اسے رکھیں اور پھیلائیں۔'' اپنے اس بیان میں گاندھی جی نے ایک طرف تو اردو کو مسلمانوں کی زبان قرار دے کر زیادتی کی اور پھر اس کے رسم الخط پر سوال اٹھا کر اپنے دل میں چھپی برہمنیت کو ظاہر کر دیا۔

اردو زبان کو صرف مسلمانوں کی زبان قرار دینا بھی انگریزوں کی ایک سازش تھی۔ ورنہ اس زبان کا نام ہندوستانی یا ہندی ہی تھا۔ اگر اس کا نام ''ہندوستانی'' ہی رہتا تو مجھے پورا یقین ہے کہ ہم وطنوں کی جانب سے اس کے عداوت میں اس قدر کی شدت نہ ہوتی۔ اس ضمن میں مشہور نقاد شمس الرحمان فاروقی اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں:۔

''جب ہماری زبان کا نام ''ہندی'' سے ''اردو'' بنا دیا گیا تو انگریزوں اور انگریزوں کے حمایتی ''قوم پرست'' ہندوؤں کی توجہ رسم الخط پر زیادہ زور وشور سے ہوئی۔ سب جانتے ہیں کہ اپنی خوبصورتی، کم جگہ میں زیادہ الفاظ کھپا دینے کی صلاحیت، فنکارانہ تنوع کے امکانات اور فارسی، عربی، سنسکرت سے اس کے ربط کے سبب سے اردو کا رسم الخط ہندوستانی تہذیب کی شانوں میں ایک شان ہے اور اردو کے مخصوص حالات کو مدنظر رکھیں تو اسے اردو زبان کی جان کہا جا سکتا ہے۔ یعنی موجودہ حالات میں اردو کا رسم الخط بدلنے کی تجویز درحقیقت اردو کو موت کے گھاٹ اتارنے کی تجویز ہے۔ رنج کی بات یہ ہے کہ اردو کے مخالفین اور دوست نما دشمن، مدت دراز سے اس کے رسم الخط کو اپنی دشمنی کا ہدف بنائے ہوئے ہیں۔ (شمس الرحمان فاروقی از روزنامہ خبریں ویب پورٹل)

اردو کے نام سے بھی بعض غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔ چونکہ لفظ اردو کے معنیٰ ''لشکر'' کے ہیں۔ اس لیے یہ سمجھا گیا کہ یہ زبان فوجیوں کی ہے۔ جسے قوم پرست ہندوؤں نے حملہ آوروں کی زبان کہہ کر بدنام کیا۔ کوئی بھی قوم حملہ آوروں کو پسند نہیں کرتی، اسے حملہ آوروں سے کوئی ہمدردی نہیں ہوتی، بلکہ وہ اس سے اور اس کی ہر ادا سے نفرت کرتی ہے، یہی حال اردو کے ساتھ ہوا۔ ایک سازش کے تحت اسے مسلمانوں سے وابستہ کیا گیا اور مسلمانوں کو حملہ آور قرار دیا گیا۔ چنانچہ بعض غیر مسلموں نے مسلمانوں سے نفرت کا رویہ اپنایا تو ان کی تہذیب وثقافت سے بھی علیحدگی اور عداوت کا رویہ اپنایا۔ حالانکہ اردو زبان کسی اسلامی ملک کی زبان نہ تھی اور نہ ہے۔ نہ اس کا تعلق اسلام کے ماخذ سے ہے۔ یعنی یہ قرآن وحدیث کی زبان بھی نہیں ہے۔ یہ بھی اتفاق ہے کہ ہندوستان کے کسی مسلم فرمانروا کی زبان بھی اردو نہیں تھی۔ یہ الگ بات ہے کہ انھوں نے یہاں کی عوام سے رابطہ کے لیے اس زبان کو استعمال کیا۔ اس کا تعلق خاص طور پر ہندوستان سے ہے

رسم الخط کی تبدیلی کوئی معمولی عمل نہیں ہے۔ سب سے پہلے تو طے کرنا ہوگا کہ کون سا رسم الخط اختیار کیا جائے۔ ہندوستان میں رہنے والے ہمارے خیر خواہ چاہتے ہیں کہ اسے دیوناگری رسم الخط میں لکھا جائے اور انگلستان کے باشندے چاہتے ہیں کہ رومن میں لکھا جائے۔ آج مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد اردو کو ان دونوں رسم الخط میں لکھ بھی رہی ہے۔ لیکن ذرا ایمانداری سے بتایئے:۔ ''کیا ان دونوں رسم الخط میں اردو کے صحیح تلفظ کی ادائیگی ہو رہی ہے؟'' میں کہتا ہوں، ہو ہی نہیں سکتی۔ اردو میں ہم آواز کئی حروف ہیں۔ مثال کے طور پر ''س، ص، ث'' کا تلفظ تقریباً یکساں ہے۔ جب کہ معنیٰ کے لحاظ سے ان میں زمین و آسمان کا بعد ہے۔ مثلاً ''ثواب اور صواب'' میں کیا مطابقت ہے۔ ثواب کے معنی فائدہ، جزا، اجر، نیکی اور بھلائی کے ہیں جب کہ صواب کے معنی درست، راست اور صحیح کے ہیں۔ آپ جب ان دونوں الفاظ کو دیوناگری یا رومن میں لکھیں گے تو ایک ہی طرح لکھیں گے۔ پھر کس طرح ان کے معانی میں تمیز وفرق قائم رکھا جا سکے گا۔ اسی طرح ''سدا'' کے معنیٰ ہمیشہ کے ہیں اور ''صدا'' کے معنی آواز کے ہیں۔ وہ کونسا طریقہ ہوگا کہ بولنے والا یا لکھنے والا ان کے معانی کے فرق کو سمجھ سکے۔ صرف یہی نہیں ''ح'' اور ''ہ''۔ ''ت'' اور ''ط''، ''ز۔ ذ۔ ظ اور ض'' کی آواز بھی یکساں ہے لیکن معانی الگ الگ ہیں۔

ہمارے ایک دانشور ہیں جن کا تعلق فلمی دنیا سے ہے، ویسے تو وہ زندہ جاوید شخصیت کے مالک ہیں اور اردو بہت شستہ بولتے ہیں مگر اس وقت اردو رسم الخط پر خوب باتیں کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ان کی ویڈیوز دیکھی جاسکتی ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ رسم الخط بدلنے سے زبان نہیں بدلتی۔ اس کی مثال میں وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص رومن میں لکھتا ہے ''M DELHI MEN QAYAM KARTA HOON'' تو یہ انگریزی نہیں ہے۔ بلکہ اردو ہی ہے۔ بے شک یہ انگریزی نہیں ہے۔ لیکن اگر آپ کسی شخص کو انگریزی لباس پہنا کر ایسی آبادی میں لے جائیں جہاں کے رہنے والے اسے جانتے اور پہچانتے نہ ہوں تو جو لوگ اسے دیکھیں گے وہ اس شخص کو انگریز ہی سمجھیں گے اور دھوکا کھا جائیں گے۔ اس کا مطلب ہوا کہ کسی زبان کو دوسرے رسم الخط میں لکھنا دوسروں کو فریب دینا ہے اور اس غیر اخلاقی حرکت کو کوئی شریف النفس انسان گوارہ نہیں کرے گا۔ سوال یہ بھی ہے کہ آخر اردو والوں سے ہی یہ مطالبہ کیوں کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنا رسم الخط بدل ڈالیں؟ اس کے جواب میں رسم الخط کی تبدیلی کے علم بردار دعویدار کہتے ہیں کہ:۔ ''یہ رسم الخط لکھنے میں بہت مشکل ہے۔'' تو مجھے بتایئے کہ آسان کون سا ہے۔ رومن حروف تہجی لکھنے میں ضرور آسان لگتے ہیں، مگر ان کے کئی الفاظ لکھے کچھ جاتے ہیں اور پڑھے کچھ جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر psychology کو آپ کس قانون کے تحت سائکالوجی اور future کو آپ فیوچر پڑھیں گے۔ سوائے اس کے کہ اہل زبان اس لفظ کو اس طرح ہی پڑھتے ہیں۔ رہی دیوناگری کی بات تو وہ اردو سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ رشی کا ''ر'' بنانے میں ہی پسینہ آجاتا ہے۔ جب کہ اردو رسم الخط کی آسانی یہ ہے کہ اس میں کئی کئی حروف کی شکلیں ایک جیسی ہیں۔ مثال کے طور پر ''ب۔ پ۔ ت۔ ٹ۔ ث اور ف'' ایک طرح لکھے جاتے ہیں۔ کسی دیگر زبان کے چھ حروف مجھے بتایئے کہ ایک طرح لکھے جاتے ہوں۔ اسی طرح ''ر۔ ز۔ ڑ۔ اور ژ'' چار حروف ''د۔ ڈ۔ اور ذ۔'' تین حروف ''س۔ ش۔ ص۔ ض۔'' چا حروف ایک طرح لکھے جاتے ہیں۔ دنیا کی کس زبان کے حروف تہجی میں یہ آسانی موجود ہے؟ دراصل مشکل کہہ کر صرف دوسروں کو ورغلانا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر وہ انسان جو اردو کے رسم الخط کی تبدیلی کا مطالبہ کرتا ہے یا خواہش رکھتا ہے اس کے اندر کہیں نہ کہیں اسلام اور مسلمانوں سے نفرت کا عنصر موجود ہے۔

انگریز جہاں گئے اپنی زبان اور تہذیب کے ساتھ گئے اور انھوں نے کوئی ادنیٰ چیز بھی نہیں چھوڑی۔ بلکہ ہر طرح سے اسے دوسروں پر مسلط کیا۔ یہودی دنیا کے کسی حصہ میں بھی رہتے ہوں آپس میں اپنی زبان ہی بولتے اور اپنے ہی مخصوص رسم الخط میں لکھتے ہیں۔ آخر مسلمانوں کو کیا ہوگیا ہے کہ وہ اپنی زبان کو اس کے اپنے وطن میں ہی غیر کیے دے رہے ہیں۔ آج اردو لکھنے والے بھی اردو ہندسوں کا استعمال نہیں کرتے، کسی اسکول، کالج کو تو چھوڑئے مدارس تک میں اردو ہندسوں پر مبنی ریاضی کی کتاب نہیں پڑھائی جاتی، ہر جگہ رومن ہندسے مستعمل ہیں۔ جس طرح ہماری نسلیں اردو ہندسوں سے ناواقف ہوچکی ہیں اگر اردو زبان کا رسم الخط ترک کر دیا گیا تو وہ اردو کے حروف تہجی کو بھی بھول جائیں گی اور ہم جانتے ہیں کہ اردو کا رسم الخط عربی کے مثل ہے تو اس کا ایک نقصان یہ ہوگا کہ ہماری نسلیں قرآن مجید بھی رومن یا دیوناگری میں پڑھنے لگیں گی۔ اس طرح نہ صرف ایک زبان اپنی موت مرجائے گی بلکہ مسلمان قرآن، حدیث اور اسلام کے ماخذ سے بھی دست بردار ہوجائیں گے۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ مسلمان اور محبان اردو نہ صرف اپنی زبان سیکھیں، بلکہ اس کے رسم الخط کی حفاظت بھی کریں۔ اغیار کو نہ سہی اپنوں کو تو اردو رسم الخط میں مخاطب کریں۔

# زبان بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجیے دہن بگڑا

ڈاکٹر سید ابوذر کمال الدین



بھارت بدل رہا ہے یا یوں کہیں کہ بھارت بدل چکا ہے۔ دیس کا سمویدھان تو نہیں بدلا گیا ہے لیکن دستوری اخلاقیات (Constitutional Morality) کو ہوا میں ضرور اڑا دیا گیا ہے۔ اس کی تازہ ترین مثال یہ ہے کہ الہ آباد ہائی کورٹ کے موجودہ جج جسٹس شیکھر کمار یادو نے اتوار (یعنی 8 دسمبر 2024، بحوالہ ہندو) کو وشو ہندو پریشد کے ذریعہ یونی فورم سول کوڈ پر بلائے گئے ایک جلسہ میں جو الہ آباد ہائی کورٹ کے لائبریری ہال میں منعقد ہوا اس میں انھوں نے کہا جیسا کہ ہندو اخبار نے سرخی لگائی ہے کہ ''بھارت اکثریت کی خواہشات کے مطابق چلے گا'' اس سے صاف اشارہ ملتا ہے کہ ملک کا دستور اور قانون کچھ بھی ہو، لیکن حکمرانی اکثریت کے مطابق چلائی جائے گی۔ انھوں نے اخباری رپورٹ کے مطابق صاف صاف کہا کہ تعدد ازدواج، تین طلاق، حلالہ اور اس طرح کے رواج کو جاری رکھنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ مزید براں انھوں نے اپنی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہم بچپن سے اپنے بچوں بلکہ ان کی پیدائش کے دن سے تحمل اور ہمدردی سکھاتے ہیں اور ان کو جانوروں اور فطرت سے پیار کرنا سکھاتے ہیں۔ جب کسی کو تکلیف ہوتی ہے تو ہم کو دکھ ہوتا ہے۔ مگر وہ، اب آپ سمجھ سکتے ہیں وہ کون ہیں۔ ایسا محسوس نہیں کرتے ہیں۔ کیوں- آپ کے بچے تحمل اور ہمدردی کیسے سیکھ سکتے ہیں جب ان کے سامنے جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔

انھوں نے کہا ''مجھے یہ کہنے میں کوئی جھجک نہیں ہے کہ یہ بھارت ہے اور یہ اکثریت کی مرضی سے چلے گا۔'' جب جج ہم اور وہ کی تمیز کرنے لگیں تو انصاف کا خدا ہی حافظ ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ ایک ہندو ہونے کے ناطے وہ اپنے دھرم کا احترام کرتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم دوسرے دھرموں اور عقیدوں کے خلاف بغض رکھتے ہیں۔ ہم آپ سے یہ نہیں کہیں گے کہ آپ بھی شادی میں سات پھیرے لیں یا گنگا ہی اشنان کریں لیکن ہم آپ سے امید رکھتے ہیں کہ آپ ہمارے کلچر، دیوی دیوتاؤں اور ہمارے بڑے لیڈروں کی بے احترامی نہ کریں۔

انھوں نے وی ایچ پی کے وکلا اور رضا کاروں سے کہا کہ عورتوں کے ساتھ بدسلوکی نہیں کی جانی چاہیے۔ کیونکہ ہمارے شاستروں اور ویدوں میں انہیں دیوی مانا گیا ہے۔ اور اسی سانس میں انھوں نے کہا کہ آپ کو چار بیویاں رکھنے، حلالہ کرنے اور طلاق ثلاثہ کا اختیار نہیں دیا جاسکتا ہے اور آپ مطلقہ کے گزارہ بھتے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ناانصافی نہیں چلے گی۔ شاہ بانو کیس کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس وقت کی مرکزی حکومت نے سپریم کورٹ کا فیصلہ بدل دیا اور کچھ لوگوں کے سامنے گھٹنے ٹیک دیئے۔ یہ صرف آر ایس ایس، وی ایچ پی یا ہندو نہیں ہیں بلکہ عدالت عظمیٰ میں یونیفورم سول کوڈ کے حق میں ہے۔ جن عورتوں کو ان کے شوہروں نے چھوڑ رکھا ہے اور جو بیوہ ہیں کیا جج صاحب ان کو گزارہ بھتہ دلوائیں گے؟

انھوں نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہندو سوسائٹی میں بہت سی بری رسمیں تھیں مثلاً ستی اور بال وِیواہ کی رسمیں جس کا سدھار کیا گیا ہے۔ غلطیوں کا اعتراف کرنا اور اس کا سدھار کرنے میں کوئی برائی نہیں ہے۔ مجھے معلوم نہیں جسٹس شیکھر کمار یادو نے یہ بات یونہی کہہ دی ہے یا انھوں نے ڈاٹا بھی چیک کیا ہے۔ یونیسف کا 5 مئی 2023 کا ڈاٹا ہے کہ دنیا میں تین میں ایک بچپن کی شادی بھارت میں ہوتی ہے۔ ان میں سے جن بچیوں کی شادی اٹھارہ سال کی عمر سے کم میں ہوتی ہیں ان میں آدھی شادی اتر پردیش، بہار، مغربی بنگال، مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں ہوتی ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ جسٹس یادو کی ریاست اتر پردیش میں ہوتی ہے۔ پورے ہندوستان میں تقریباً 23 فیصد لڑکیاں 18 سال سے کم میں شادی کرتی ہیں۔ 40 فیصد 18 سال سے کم عمر کی لڑکیاں بنگال، بہار اور تری پورہ میں شادی کے بندھن میں بندھ چکی ہوتی ہیں، جبکہ لکشدیپ میں یہ صرف ایک فی صد ہے۔ کم عمری میں شادی کی وجہ غربت، غیر محفوظ ماحول، تعلیم کی کمی اور سماجی رسم ورواج ہے۔ ہماری بیک وارڈ اور دلت برادریوں میں اس کا تناسب بہت زیادہ ہے۔ غریب اور غیر تعلیم یافتہ مسلمانوں میں کم عمری میں شادی ہوتی ہے۔ آج کل کے کھلے ماحول میں سکنڈری اسکول میں پڑھنے والے لڑکے لڑکیاں جو کلاس آٹھ سے دس کے درمیان ہیں ان کی بڑی تعداد جنسی روابط قائم کر لیتے ہیں اور ان میں کچھ حاملہ بھی ہوجاتی ہیں۔ اور جس ملک میں جتنی زیادہ جنسی آزادی ہے وہاں اس کا تناسب اتنا ہی زیادہ ہے۔

ستی کی رسم تو ختم ہوگئی ہے لیکن ابھی بھی کہیں کہیں اس طرح کی خبریں سننے کو ملتی ہیں اور چرا چھپا کر اس کو انجام دیا جاتا ہے۔ نربلی، بچوں کی قربانی جیسی رسمیں بھی موجود ہیں۔ قریب قریب ہر شہر میں کوئی نہ کوئی ستی مندر ہے جہاں لوگ خاص طور سے عورتیں شردھا کے پھول چڑھاتی ہیں اور ستی مائی کی پوجا کرتی ہیں۔ ناجائز تولد ہونے والے بچوں کی بڑی تعداد کو بے رحمی سے مار دیا جاتا ہے۔ بچیوں کی ماں کے پیٹ میں ہتیا ایک ایسی حقیقت ہے جو بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ کے نعرے سے ہی ظاہر ہے۔

جہاں تک چار شادیوں یا ایک سے زائد شادیوں کا سوال ہے۔ اعداد و شمار یہ بتا رہے ہیں کہ مسلمانوں میں اس کا رواج کم ہے اور کم ہو رہا ہے۔ ابھی تک نئی مردم شماری نہیں ہوئی ہے ورنہ لوگوں کو معلوم ہوتا کہ کس قوم اور برادری میں ایک سے زیادہ شادی کا رواج ہے۔ پچھلی مردم شماری کے مطابق مسلمانوں میں ایک سے زیادہ شادی 5.4% تھی جبکہ ہندوؤں میں 6.5% تھی۔ سب سے زیادہ شادی ٹرائبس میں ہوتی ہے اور یونیفورم سول کوڈ میں ان کو اس سے الگ رکھا گیا ہے۔

ہمارے یہاں جائز اور قانونی رشتوں پر پابندی ہے لیکن ناجائز رشتوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ پولیٹکل لیڈرس، بزنس تائی کون، فلم اسٹار، کھلاڑی اور مختلف میدانوں کی نام چین ہستیاں ایک سے زیادہ عورتوں سے تعلقات رکھتے ہیں۔ کبھی کبھی ان کا اسکنڈل باہر بھی آجاتا ہے اور کبھی وہ خود بھی اس کا اعتراف کرتے ہیں۔ بی جے پی کے سب سے بڑے لیڈر شری اٹل بہاری واجپئی نے بزبانِ خود کہا کہ میں غیر شادی شدہ ہوں مگر برہمچاری نہیں ہوں۔ جو لوگ ستا کے گلیاروں میں گھومتے ہیں وہ آپ کو ڈالی چڑھانے کے قصے مزے لے لے کر سنائیں گے۔ سارا مسئلہ جائز تعلقات کا ہے۔ ایک فلم ایکٹریس نے جس کا کیریئر اچھا نہیں چل رہا تھا مگر سابق میں اس نے کئی ہٹ فلمیں دی تھیں، ممبئی کے ایک بزنس مین نے اس سے کہا کہ وہ اس کی کرایہ کی بیوی بن کر رہے وہ اس کو ماہانہ پچیس لاکھ روپے دیا کرے گا۔ اس نے اس سے کہا کہ شادی کر لو تو اس نے شادی سے انکار کیا۔ یہ بات خود اس نے ٹیلی ویژن چینل پر انٹرویو کے درمیان کہی۔ کیا ہمارے جج صاحبان ایسی عورتوں سے انصاف کر پائیں گے۔

بہرحال انھوں نے ان باتوں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کا تعلق کسی خاص مذہب سے نہیں ہے اس کا اطلاع ہم سب پر ہوتا ہے۔ ہر مذہب کو اپنے اندر کی برائی کی اصلاح کرنی چاہیے ورنہ تمام شہریوں کے لیے یکساں قانون لانا پڑے گا۔

میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جسٹس یادوں نے اپنا ذہن کھول کر رکھ دیا ہے۔ اس پر سپریم کورٹ کی سینئر وکیل اندرا جے سنگھ نے اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ شرمناک بات ہے کہ ایک سیٹنگ جج نے ہندو تنظیم کے سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے اس میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ یہ بات بھارتیہ عدلیہ کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔ جج صاحب نے اپنے خطاب میں جو زبان استعمال کی ہے وہ غیر آئینی، ہتک آمیز اور غیر دستوری ہے جس پر قانونی برادری کو غور کرنا چاہیے۔ اس پر فیض احمد فیض کا یہ شعر یاد آتا ہے کہ:

بنے ہیں اہلِ ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

# عبادت گاہوں کے سروے پر عدالتِ عظمیٰ نے لگائی پابندی




ترتیب: محمد فداء المصطفیٰ گیاوی
رابطہ نمبر:9037099731
ڈگری اسکالر: دارالہدیٰ اسلامک یونیورسٹی
، ملاپورم، کیرالا


سپریم کورٹ نے مسجدوں کے نیچے مندر تلاش کرنے کی شرانگیز مہم پر فی الحال پابندی عائد کر دی ہے۔ گزشتہ جمعرات کو عبادت گاہوں کے تحفظ سے متعلق 1991 کے ایکٹ کی سماعت کرتے ہوئے، ملک کی سب سے بڑی عدالت نے نچلی عدالتوں کو ہدایت دی کہ جب تک عبادت گاہوں کے تحفظ سے متعلق مقدمات کا فیصلہ نہیں ہو جاتا، اس وقت تک کسی بھی عبادت گاہ کے خلاف نہ تو کوئی نئی درخواست دائر کی جائے، نہ ہی کسی قسم کے احکامات جاری کیے جائیں۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ ایسے احکامات ان مقدمات میں بھی جاری نہیں کیے جائیں گے جو عدالتوں میں پہلے سے زیر سماعت ہیں۔ سپریم کورٹ کی اس اہم فیصلے کے بعد، ملک میں مسجدوں کے خلاف فسطائی قوتوں کی طرف سے چلائی جانے والی مہم پر عارضی طور پر روک لگ گئی ہے، جو مسلسل کوششیں کر رہی تھیں کہ کسی نہ کسی تاریخی مسجد کے نیچے مندر کا وجود ڈھونڈ کر اس کے خلاف سازش کی جائے۔ یہ فیصلہ ایک بہت بڑی قانونی فتح کی صورت میں سامنے آیا ہے، جس نے ان طاقتوں کے عزائم کو ناکام بنا دیا ہے جو بھارت میں مذہبی منافرت پھیلانے کی کوشش کر رہی تھے۔ اس فیصلے سے نہ صرف مسجدوں کے تحفظ کی ضمانت ملتی ہے، بلکہ یہ ایک اہم پیغام بھی ہے کہ عدالتیں ہر نوع کی مذہبی انتہا پسندی کے خلاف کھڑی ہیں اور آئین کے مطابق تمام مذاہب کو برابر کا تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ حالیہ دنوں اتر پردیش کے سنبھل شہر میں پیش آنے والے ایک حساس اور دل دہلا دینے والے واقعے نے پورے ملک کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ پانچ سو سال پرانی جامع مسجد کے سروے کی درخواست پر مقامی عدالت نے جس تیزی اور غیر معمولی عجلت میں سروے کے احکامات جاری کیے، اس نے واضح کر دیا کہ نچلی عدالتیں شرپسند عناصر کے آلہ کار کے طور پر استعمال ہو رہی ہیں۔ سروے کے دوران جب مقامی مسلمانوں نے اس غیر قانونی اقدام کے خلاف احتجاج کیا تو پولیس نے مظاہرین پر براہ راست گولیاں چلا دیں، جس کے نتیجے میں پانچ مسلم نوجوان شہید ہو گئے۔ اس المیے نے ملک بھر میں شدید غم و غصے کی لہر پیدا کر دی، اور لوگ حکومتی ناانصافی اور عدالتی بدعنوانی کے خلاف آواز بلند کرنے لگے۔ یہ معاملہ بعد میں سپریم کورٹ تک پہنچا، جہاں اعلیٰ عدالت نے سنبھل کی نچلی عدالت کے فیصلے پر فوری طور پر روک لگا دی۔ اس فیصلے نے ایک بار پھر یہ سوال اٹھایا کہ جب ملک میں 1991 کا عبادت گاہوں کے تحفظ کا قانون موجود ہے، تو ایسی متنازعہ عرضیاں عدالتوں میں کیوں قابل قبول ہیں؟ یہ واقعہ ایک بڑے مسئلے کی نشاندہی کرتا ہے کہ کیسے فرقہ پرست عناصر تاریخی مسجدوں کو نشانہ بنا کر ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، اور کچھ عدالتیں ان کے مذموم مقاصد کو تقویت دینے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔ تاہم، سپریم کورٹ کا حالیہ اقدام انصاف کی فتح کی علامت ہے اور ان شرپسند سازشوں کے خلاف ایک مضبوط پیغام بھی ہے۔

مسجدوں کے سروے کا سلسلہ دو سال قبل اس وقت شروع ہوا جب سابق چیف جسٹس کی زبانی رولنگ نے گیان واپی مسجد کے معاملے میں نیا رخ پیدا کیا۔ بنارس کی تاریخی گیان واپی مسجد کے سروے کو روکنے کے لیے دائر کی گئی درخواست پر انھوں نے کہا تھا کہ عبادت گاہوں کے تحفظ کا قانون کسی عبادت گاہ کے اصل کردار کا تعین کرنے میں رکاوٹ نہیں بنتا۔ ان کا یہ تبصرہ، جو صرف زبانی تھا، شرپسند عناصر اور مسلم دشمن قوتوں کے لیے ایک موقع بن گیا۔ اس زبانی بیان کو بنیاد بنا کر فرقہ پرستوں نے تاریخی مسجدوں کے نیچے مندروں کی تلاش شروع کر دی، اور نچلی عدالتوں نے اس بیان کو نظیر کے طور پر استعمال کرتے ہوئے مسجدوں کے سروے کے احکامات جاری کرنا شروع کر دیے۔ ایسا لگنے لگا جیسے یہ عدالتیں اسی لمحے کا انتظار کر رہی تھیں۔ حالات اس حد تک بگڑ گئے کہ ملک کے مختلف حصوں میں مسجدوں کے تحفظ کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا، اور مذہبی ہم آہنگی کو سنگین خطرات لاحق ہو گئے۔ اگرچہ جسٹس چندر چوڑ نے حال ہی میں وضاحت دی کہ ان کا بیان صرف عدالتی بحث کا حصہ تھا اور کوئی حتمی فیصلہ نہیں تھا، لیکن یہ وضاحت بہت دیر سے آئی۔ اس تاخیر نے ملک کی فضا کو پہلے ہی شدید کشیدگی سے دوچار کر دیا تھا۔ یہ صورتحال اس بات کا ثبوت ہے کہ غیر ذمہ دارانہ تبصرے کس طرح سماج کو تقسیم کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں، اور نچلی عدالتوں کی جلد بازی نے حالات کو مزید خراب کر دیا۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے اور عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون کو ہر ممکن طریقے سے نافذ کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے تنازعات کا سدباب ہو سکے۔

درحقیقت، مسجدوں کے نیچے مندروں کی تلاش کو روکنے کے لیے سب سے مؤثر ہتھیار عبادت گاہوں کے تحفظ کا قانون ہی ہے۔ یہ قانون نہ صرف ملک کی مذہبی ہم آہنگی کو محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے بلکہ شرپسند عناصر کی سازشوں کا راستہ بھی بند کرتا ہے۔ تاہم، افسوس کی بات یہ ہے کہ یہی قانون، جو فرقہ واریت کے خلاف ایک مضبوط ڈھال ہے، حکمراں جماعت بی جے پی کے ایک رہنما نے سپریم کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔ اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مسلم اور سیکولر جماعتوں نے سپریم کورٹ سے اپیل کی کہ وہ عبادت گاہوں کے تحفظ سے متعلق ایکٹ کو چیلنج کرنے والی عرضیوں پر سماعت کے دوران انہیں بھی سنے۔ سپریم کورٹ نے اس اپیل کو قبول کیا اور شرپسندوں کی طرف سے ملک کی تاریخی عبادت گاہوں کو نشانہ بنانے کی خطرناک مہم پر قابو پانے کی سمت ایک اہم قدم اٹھایا۔ اس مہم کے خلاف آواز بلند کرنے میں جمعیۃ علماء ہند، مسلم لیگ، راشٹریہ جنتا دل کے راجیہ سبھا رکن منوج کمار جھا، اور شرد پوار کی قیادت والی این سی پی جیسے سیکولر جماعتیں پیش پیش رہی ہیں۔ ان جماعتوں نے واضح کیا کہ یہ قانون صرف مسلمانوں کے لیے نہیں، بلکہ تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے۔

قابل غور بات یہ ہے کہ اس وقت ملک کی مختلف عدالتوں میں دس تاریخی مسجدوں کے خلاف اٹھارہ مقدمات زیر سماعت ہیں۔ ان میں بنارس کی گیان واپی مسجد، متھرا کی شاہی عیدگاہ، دہلی کی قوت الاسلام مسجد، مدھیہ پردیش کی کمال مولا مسجد، سنبھل کی شاہی جامع مسجد، جون پور کی اٹالا مسجد، بدایوں کی شمسی جامع مسجد، لکھنؤ کی ٹیلے والی مسجد، منگلور کی ملالی جامع مسجد، اور اجمیر کی خواجہ معین الدین چشتی کی بین الاقوامی شہرت یافتہ درگاہ شامل ہیں۔ یہ مقدمات اور ان کے پیچھے کارفرما سازشیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ شرپسند عناصر مذہبی منافرت کو ہوا دے کر سماج کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ ایسے حالات میں، ضروری ہے کہ عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون کو نہ صرف برقرار رکھا جائے بلکہ اس کے نفاذ کو بھی یقینی بنایا جائے، تاکہ ملک میں مذہبی ہم آہنگی اور اتحاد کی فضا قائم رہ سکے۔

سپریم کورٹ نے ایک اہم اور واضح فیصلے میں عدالتوں کو حکم دیا ہے کہ عبادت گاہوں کے تنازعات سے متعلق کسی بھی معاملے میں عبوری یا حتمی فیصلہ نہ دیں اور نہ ہی سروے کے احکامات جاری کریں۔ عدالت نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے حکم تک کوئی نیا دعویٰ قبول نہیں کیا جائے گا، جو عبادت گاہوں کے تحفظ کے حوالے سے ایک بڑا قدم ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی قیادت میں بنچ نے واضح کیا کہ سپریم کورٹ اس وقت عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون 1991 کے آئینی جواز اور اس کے دائرہ کار کا جائزہ لے رہا ہے، اس لیے دیگر عدالتوں کو ایسے معاملات میں کسی قسم کا حکم جاری کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اس معاملے میں عدالت نے مرکزی حکومت سے جواب طلب کیا ہے، جبکہ دیگر فریقین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مرکز کی طرف سے جواب داخل کیے جانے کے چار ہفتوں کے اندر اپنا مؤقف پیش کریں۔ سپریم کورٹ نے مسلم فریق اور دیگر مداخلت کاروں کی درخواستوں کو بھی قبول کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان پر مناسب سماعت کی جائے گی۔ اس پیش رفت سے امید کی جا سکتی ہے کہ عبادت گاہوں کے تنازعات کو آئینی اور قانونی دائرہ کار میں رہتے ہوئے حل کرنے کی سمت ایک مثبت قدم اٹھایا گیا ہے۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون کو سب سے پہلے 2020 میں بی جے پی لیڈر راشونی اپادھیائے نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ یہ حقیقت اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ خود حکمراں جماعت کے اندر ایسے عناصر موجود ہیں جو اس قانون کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ سپریم کورٹ کی جانب سے مرکزی حکومت کو بارہا نوٹس جاری کرنے کے باوجود اب تک حکومت کی جانب سے کوئی جواب داخل نہیں کیا گیا ہے۔ یہ صورتحال اس بات کی عکاس ہے کہ عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون کو کمزور کرنے کی کوشش نہ صرف فرقہ وارانہ ماحول کو خراب کر سکتی ہے بلکہ سماجی ہم آہنگی پر بھی منفی اثر ڈال سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کے اس واضح مؤقف سے امید ہے کہ ملک میں مذہبی ہم آہنگی کو بحال رکھنے کی سمت میں ٹھوس اقدامات کیے جائیں گے۔

عبادت گاہوں کے تحفظ کا ایکٹ 1991 میں نرسمہا راؤ کی حکومت نے اس وقت نافذ کیا تھا جب بابری مسجد تنازع اپنے عروج پر تھا۔ اس قانون کو لانے کا بنیادی مقصد مستقبل میں ایسے مہلک تنازعات کو روکنا تھا جو ملک کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور سماجی اتحاد کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔ اس ایکٹ کی رو سے واضح طور پر طے کیا گیا کہ ملک کی آزادی کے وقت، یعنی 15 اگست 1947 کو، جو عبادت گاہ جس حالت میں تھی، اس کی وہی حیثیت برقرار رکھی جائے گی۔ مسجد، مسجد ہی رہے گی اور مندر، مندر ہی رہے گا۔ کسی بھی عبادت گاہ کی ساخت یا حیثیت میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ یہ قانون فرقہ وارانہ کشیدگی کو کم کرنے اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوا۔ ایودھیا تنازع نے ملک کو جس گہرے زخم سے دوچار کیا تھا، اس کی شدت کو کم کرنے کے لیے یہ قانون نہایت ضروری تھا۔ بابری مسجد تنازع کے سبب ہندو مسلم اتحاد کو شدید نقصان پہنچا، اور سماج میں نفرت اور تقسیم کی دیواریں کھڑی ہونے لگیں۔ ایسے ماحول میں، عبادت گاہوں کے تحفظ کا ایکٹ وقت کی ایک اہم ضرورت تھی، تاکہ آئندہ نسلوں کو مذہبی تنازعات کے آسیب سے بچایا جا سکے۔ یہ قانون اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ کسی بھی فرقے کو دوسرے کی عبادت گاہوں کے خلاف کوئی اقدام کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور تمام مذاہب کو مساوی احترام دیا جائے۔ اس کا نفاذ اس امر کی علامت تھا کہ ملک کی مذہبی رواداری کو محفوظ رکھا جا سکے اور ماضی کی تلخیوں کو دہرایا نہ جائے۔

یہ ایک انتہائی اہم پہلو ہے کہ 1991 کے عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون سے بابری مسجد کو اس لیے خارج رکھا گیا تھا کہ اس وقت اس تنازع کا مقدمہ زیر سماعت تھا۔ تاہم، 2019 میں سپریم کورٹ کے اس فیصلے نے، جس کے تحت بابری مسجد کی زمین رام مندر کے پیروکاروں کو دے دی گئی، کئی ایسے نکات اٹھائے جو ناقابل انکار ہیں۔ پہلا اور سب سے اہم نکتہ یہ تھا کہ سپریم کورٹ نے خود تسلیم کیا کہ بابری مسجد کسی مندر کو منہدم کر کے نہیں بنائی گئی تھی۔ دوسرا، مسجد کے انہدام کو عدالت نے مجرمانہ فعل قرار دیا۔ اور تیسرا، سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں 1991 کے عبادت گاہوں کے تحفظ کے قانون کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ یہ قانون ملک کو مستقبل میں مزید فرقہ وارانہ تصادم سے بچانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ تاہم، یہ تمام حقائق تسلیم کرنے کے باوجود، عدالت نے ایسا فیصلہ سنایا جو انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے بجائے اکثریتی جذبات کو خوش کرنے کے لیے زیادہ موزوں تھا۔ یہ وہ لمحہ تھا جب فرقہ پرست عناصر کے ذہنوں میں یہ زہریلا خیال گہرائی تک سرایت کر گیا کہ ملک میں دستور اور قانون کی بجائے اکثریتی خواہشات کو ترجیح دی جائے گی۔

یہ زہراب عدلیہ کے کچھ حصوں میں بھی سرایت کر چکا ہے، جس کی تازہ مثال الہ آباد ہائی کورٹ کے چند متنازع فیصلے ہیں۔ ان فیصلوں نے فرقہ پرست طاقتوں کو مزید شہ دی اور ملک میں مذہبی ہم آہنگی کے لیے سنگین خطرات پیدا کیے۔ یہ صورتحال نہ صرف قانون کی بالادستی بلکہ ملک کے جمہوری ڈھانچے کے لیے بھی خطرہ ہے۔ اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ عدلیہ اپنی غیر جانبداری اور دستور کی پاسداری کو برقرار رکھتے ہوئے ان خطرات کا مقابلہ کرے اور معاشرے میں انصاف کا توازن قائم کرے۔ وشو ہندو پریشد جیسے خطرناک فرقہ پرست تنظیم کے ایک پروگرام میں جج شیکھر کمار یادو کا دیا ہوا بیان ایک افسوسناک حقیقت کو عیاں کرتا ہے۔ انہوں نے یکساں سول کوڈ کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کے خلاف زہرافشانی کی، جس سے عدالتی غیر جانبداری پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ یہ بیان نہ صرف عدلیہ کی شفافیت پر دھبہ ہے بلکہ ملک کے سیکولر جمہوری اصولوں کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ جج شیکھر کمار یادو کے خلاف پارلیمنٹ میں مواخذے کی تحریک پیش کی جا چکی ہے، جس پر 55 ممبران پارلیمنٹ نے دستخط کیے ہیں۔ یہ تحریک ایک مضبوط پیغام ہے کہ عدلیہ کو کسی بھی قسم کے متعصبانہ نظریے کا آلہ کار بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ تاہم، یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد سے نوکر شاہی اور عدالتی نظام کو جس طریقے سے متاثر کیا گیا ہے، اس کے نتائج اب واضح ہونے لگے ہیں۔ جنہیں آئین کی حفاظت کا حلف دیا گیا تھا، وہ بھی ہندوتوا کے نظریات کے زیر اثر دکھائی دیتے ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف جمہوریت بلکہ عدلیہ کی آزادی کے لیے ایک گہری تشویش کا باعث ہے۔ ملک کی سیکولر شناخت کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عدالتی نظام کی غیر جانبداری پر زور دیا جائے اور ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جو اپنے بیانات یا فیصلوں سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ عدلیہ کی شفافیت اور آئین کی بالادستی کو یقینی بنانا ہی ملک کے جمہوری مستقبل کی ضمانت ہے۔

# مسلم معاشرہ تعلیمی میدان میں آگے آئے اور اپنے معاشرے سے ناخواندگی کو دور کرے


ازقلم: مولانا محمد جہانگیر عالم مہجور القادری
صدر بہار اسٹیٹ اردو ٹیچرس ایسوسی
ایشن نوادہ




تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کی ترقی کا بنیادی ستون ہے۔ ایک قوم کی طاقت اور ترقی کا انحصار اس کی تعلیمی سطح پر ہوتا ہے۔ مسلم معاشرہ بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ گزشتہ کچھ دہائیوں میں مسلم معاشرہ مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، جن میں ناخواندگی اور تعلیمی پسماندگی ایک بڑی مشکل کے طور پر سامنے آئی ہے۔ اس مضمون میں ہم یہ جانیں گے کہ مسلم معاشرہ کس طرح تعلیمی میدان میں ترقی کر سکتا ہے اور اپنے معاشرتی مسائل میں بہتری لا سکتا ہے۔

تعلیم کا مقصد اور اہمیت

تعلیم کا مقصد صرف دنیاوی کامیابی حاصل کرنا نہیں، بلکہ انسان کو اپنی روحانیت، اخلاقیات، اور سماجی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا بھی ہے۔ قرآن مجید میں بھی تعلیم کی اہمیت پر بار بار زور دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے پہلی وحی میں "اقْرَأْ" (پڑھ) کا حکم دیا، جو اس بات کا مظہر ہے کہ علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اس لئے مسلم معاشرہ اگر تعلیمی میدان میں آگے بڑھنا چاہتا ہے تو اسے قرآن وسنت کی تعلیمات سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔

تعلیمی پسماندگی کی وجوہات

مسلم معاشرہ میں تعلیمی پسماندگی کی کئی وجوہات ہیں۔ سب سے بڑی وجہ غربت ہے، جو بچوں کو اسکول جانے سے روک دیتی ہے۔ بہت سے علاقے تعلیمی اداروں سے دور ہیں، جس کی وجہ سے بچوں کو تعلیم حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، بعض علاقوں میں تعلیم کی اہمیت کم سمجھی جاتی ہے، اور لڑکیوں کی تعلیم پر محدودیت عائد کی جاتی ہے۔ ان تمام مسائل کا حل معاشرتی سطح پر تعاون اور حکومت کی طرف سے مؤثر پالیسیوں کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔

تعلیمی اصلاحات کی ضرورت

مسلم معاشرہ کو اپنے تعلیمی نظام میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ تعلیم کا معیار بہتر بنانے کے لئے جدید تعلیم اور روایتی تعلیم دونوں کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے۔ مدارس اور اسکولوں میں تعلیم کی یکسانیت اور معیار پر زور دینا ہوگا۔ سائنسی، تکنیکی، اور معیاری تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دینی ہوگی تاکہ مسلم بچے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چل سکیں۔

سائنس اور ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری

عصر حاضر میں سائنس اور ٹیکنالوجی کا میدان بہت اہم ہو چکا ہے۔ مسلم معاشرہ کو اس میدان میں بھی اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنی ہوں گی۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں مسلم دنیا کی ترقی کو بڑھانے کے لئے خصوصی اداروں اور منصوبوں کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے سرمایہ کاری اور تحقیق پر زور دینا ہوگا تاکہ مسلمان دنیا کے اہم سائنسی میدانوں میں اپنا مقام بنا سکیں۔

عورتوں کی تعلیم کا کردار

مسلم معاشرہ میں عورتوں کی تعلیم ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ مختلف معاشرتی اور ثقافتی رکاوٹوں کی وجہ سے لڑکیوں کی تعلیم میں رکاوٹیں آتی ہیں، حالانکہ اسلام میں عورتوں کو تعلیم حاصل کرنے کا پورا حق دیا گیا ہے۔ مسلم معاشرہ اگر اپنی خواتین کی تعلیم پر توجہ دے گا تو وہ نہ صرف خاندانوں بلکہ پوری قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ خواتین کی تعلیم کے فروغ سے صحت، معیشت اور معاشرتی سطح پر بہتری آئے گی۔

معاشرتی سطح پر تعلیم کا فروغ

تعلیمی اداروں کے قیام کے ساتھ ساتھ مسلم معاشرہ میں تعلیم کا فروغ بھی ضروری ہے۔ علماء اور مشائخ کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ عوام میں تعلیمی شعور بیدار کریں۔ تعلیمی بیداری کے ذریعے معاشرتی سطح پر تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ والدین کو اپنے بچوں کی تعلیم کے بارے میں آگاہ کرنا ہوگا تاکہ وہ تعلیمی اداروں میں اپنے بچوں کو بھیجنے کی اہمیت سمجھیں۔

حکومتی اور تنظیمی کردار


حکومت اور مختلف تنظیموں کا کردار بھی بہت اہم ہے۔ حکومت کو تعلیمی شعبے میں مزید سرمایہ کاری کرنی چاہیے اور تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر بنانا چاہیے۔ مختلف غیر حکومتی تنظیمیں (NGOs) اور فلاحی ادارے بھی تعلیمی مہمات اور پروگرامز کے ذریعے عوام میں تعلیم کا شعور بڑھا سکتے ہیں۔ ان تنظیموں کا تعاون مسلم معاشرتی مسائل کے حل میں اہم ثابت ہو سکتا ہے۔

تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے کے لئے عزم اور ارادہ مسلم معاشرہ میں تعلیمی ترقی کے لئے عزم اور ارادے کی ضرورت ہے۔ معاشرتی سطح پر جب تک لوگ تعلیم کی اہمیت کو نہیں سمجھیں گے، تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ اس کے لئے ہر فرد کو اپنے حصے کا کام کرنا ہوگا۔ والدین، اساتذہ، حکومت، اور عوام کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ مسلم معاشرہ تعلیمی میدان میں کامیاب ہو سکے۔

اختتامیہ

مسلم معاشرہ کے لئے تعلیمی ترقی ایک اہم ضرورت بن چکی ہے۔ اگر ہم اپنے معاشرتی مسائل کو حل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں تعلیم کو اپنے معاشرتی ڈھانچے کا حصہ بنانا ہوگا۔ تعلیمی میدان میں آگے بڑھ کر مسلم معاشرہ نہ صرف خود کو بہتر بنا سکتا ہے، بلکہ دنیا بھر میں اپنی اہمیت بھی ثابت کر سکتا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو علم کی اہمیت سے آگاہ کریں اور ان کے لئے بہترین تعلیمی مواقع فراہم کریں تاکہ وہ دنیا میں اپنی کامیاب حیثیت قائم کر سکیں۔

# {ذات اور برادری} یہ بیماری معاشرے کا ناسور بنتی جا رہی ہے"



ہم حسب ونسب میں بٹے ہوئے لوگ اپنے آپ کو اعلیٰ اور اونچی ذاتوں کے ساتھ منسوب کرنا پسند کرتے ہیں، افسوس کے ساتھ کہ ہم لوگ زیادہ تر ہاتھ سے کام کرنے والے یا محنت مزدوری کرنے والوں کو کمتر سمجھتے ہیں اور ان کو کمتر ذاتوں کے ساتھ منسوب کر دیتے ہیں۔ یہ معاشرتی بیماری معاشرے کا ناسور بنتی جا رہی ہے۔ ہم اکثر اوقات اپنے ارد گرد ان الفاظ کو سن رہے ہوتے ہیں مثلاً، یہ تیلی ہے، یہ شیخ ہے، یہ دھنیا ہے، یہ جولاہا ہے، یہ کنجڑا ہے، اور ان کا اپنی زندگی پر گہرا اثر بھی دیکھتے ہیں۔ یہ سب کسی بھی علاقے میں پائے جانے والے لوگوں نے اپنی تقسیم کے لئے متعین کر رکھے ہوتے ہیں تاکہ باآسانی ایک دوسرے پر حکمرانی کی جا سکے یا پھر دوسروں کو دبا کر رکھا جا سکے۔ اب تو یہ نوبت آ چکی ہے کہ جو لوگ تعلیم یافتہ ہو جاتے ہیں یا پھر اعلیٰ کاروبار اور نوکریوں پر بیٹھ جاتے بس وہ اپنی ذات پات ہی تبدیل کر لیتے ہیں۔

دنیا کی دوسری اقوام اگر اپنے قومی ونسل غرور میں مبتلا ہوتی ہیں تو یہ ان کے باطل نظریات کا قصور رہے۔ لیکن حیرت مسلمانوں پر ہے جو قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں اور پھر بھی اس تکبر میں مبتلا ہیں۔ جب کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" تمام لوگ آدم کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا'' اے لوگو! سنو تمہارا رب ایک ہے، کسی عربی کو عجمی پر کوئی فوقیت نہیں اور نہ ہی کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فضیلت ہے، نہ کوئی کالا کسی گورے سے بہتر ہے اور نہ گورا کالے سے، فضیلت صرف اور صرف تقویٰ کے سبب ہے۔ اسلام کسی ذات پات، رنگ نسل اور قومیت کو فضیلت کی بنیاد نہیں مانتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ مسلمانوں میں قومی ونسلی تفاخر کے اثرات دوسری اقوام سے آئے اور اب اس حد تک آ چکے ہیں کہ ہم اس بنا پر ایک دوسرے کو نیچا دکھانے یا بعض اوقات زیادتی کر جانے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ ہمارے یہاں ان معاملات میں ذات پات اور حسب ونسب کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ہمارے بہت سے لوگ دوسری ذات میں شادی کرنا پسند نہیں کرتے۔ بعض حضرات اپنے بیٹوں کی شادیاں تو دوسری ذات میں کر دیتے ہیں لیکن بیٹیوں کی شادیاں صرف اپنی ہی ذات میں کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض اوقات لڑکیاں گھر بیٹھی بوڑھی ہو جاتی ہیں اور کوئی خاندان والا ان کو بیاہ کر نہیں لے جاتا۔

مختلف پیشوں کے بارے میں ہمارے یہاں گھٹیا ہونے کا تصور موجود ہے۔ ہمارے یہاں عام طور پر محنت کش اور ہاتھ سے کام کرنے والے پیشوں کو حقیر سمجھا جاتا ہے۔ جیسے درزی، جولاہا، دھنیا، کنجڑا وغیرہ وغیرہ۔ دیہی معاشرے میں جاگیردار اور زمیندار اپنے ملازمین کو حقیر سمجھتے ہیں اور ان کے ساتھ غلاموں کا سا سلوک کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ قابلیت وصلاحیت کا جنازہ نکل جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک جولاہے کا بیٹا بھی انجینئر بننے کے قابل ہو یا ایک نائی بھی خداداد صلاحیتوں کا مالک ہو مگر ہم یہ سب ذات پات کی نذر کر دیتے ہیں۔ ہم لوگ دوسرے مذاہب کے ماننے والوں کو بھی خود سے حقیر سمجھ کر ان کی توہین کرتے ہیں اور بسا اوقات ان سے تحقیر آمیز رویہ رکھتے ہیں، رنگ کی بنیاد پر بھی امتیاز رکھا جاتا ہے اور سیاہی مائل جلد رکھنے والوں کو طعنے دیتے جاتے ہیں، اس بنیاد پر امتیاز ہماری نسبت مغربی اقوام میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ زبان اور صوبے یا علاقے کی بنیاد پر بھی ہمارے یہاں خاصا تعصب پایا جاتا ہے اور ایک علاقے یا صوبے کا فرد دوسروں کا مذاق اڑاتا ہوا نظر آتا ہے۔ ہمارے بعض شہروں میں تو یہ تعصب ایک زمانے میں اتنے عروج پر پہنچ گیا کہ اس کے نتیجے میں ہزاروں افراد لسانی فسادات کا شکار بنے۔ ہمارے یہاں مسلک کے اختلافات عام پائے جاتے ہیں، اب تو مسئلہ عالمی سطح پر بھی دیکھا جاتا ہے جس کے نتیجے میں مشرق وسطیٰ میں خانہ جنگی اور قتل وغارت کا میدان گرم ہے۔ آخر ہم ہی کیوں ان تفرقات میں بٹتے ہیں یا پھر ہمیں بانٹا جاتا ہے؟ اور ہم ہم سب جانتے ہوئے بھی کیوں اپنا نقصان کر رہے ہیں؟

ہمیں سمجھ جانا چاہیئے کہ ایک انسان کا دوسرے انسان سے رشتہ صرف انسانیت کا ہے اور انسان کے صرف دو روپ ہوتے ہیں یا وہ اچھا ہوتا ہے یا پھر وہ برُا ہوتا ہے۔ اس کے بعد اگر وہ کسی بھی تقسیم میں بٹتا ہے تو اس کے پیچھے طبقاتی وجوہات ہوتی ہیں۔ لیکن افسوس کہ ہم نے اپنی تعلیمات کو پس پشت ڈال دیا اور ترقی یافتہ ودیگر یورپین ممالک نے انسانیت کا وطیرہ اپنا کر ترقی کی بلندیوں کو چھو لیا کیونکہ وہاں فخر کا معیار صرف قابلیت وصلاحیت ہے۔ وہاں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ کنجڑا کا بیٹا ڈاکٹر کیوں بنے گا، شاید اس کے مقدر ہی تو سبزی ہی فروش کرتا تھا۔ سوچنے کی بات ہے کیا کوئی نیلسن منڈیلا کی ذات جانتا ہے؟ جس نے اپنی تمام زندگی رنگ ونسل کی تمیز کو ختم کرنے میں گذار دی، کیا کوئی ابراہیم لنکن یا تھامس ایڈیسن کو جانتا ہے کہ وہ کون سی ذات یا برادی سے تعلق رکھتے تھے؟ کیا دنیا کی سپر پاورز کے صدور بٹ ہوتے ہیں؟ یا وہ کسی ملک یا چودھری نسل سے ہوتے ہیں؟ جو دنیا کے طاقتور ممالک کے صدر کے لئے سامنے آتے ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو ہم پھر کس غلط فہمی کا شکار ہیں؟ کیوں ہم نے اپنے معاشرے احساس کمتری کا شکار بنا رکھا ہے؟ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم سیاست میں بھی ذات برادی کو گھسیٹتے ہیں، یہ سب حقیقت پسِ پشت ڈال کر کہ کون ہمارے ملک کے لئے بہتر حکمران ہو سکتا ہے اور کون نہیں۔ ہم صرف اپنی برادی سے تعلق رکھتے والے فرد کو ہی ووٹ دینا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ دراصل ہم ذات پات اور خوشامد کے چکروں کے گھرے ہوئے لوگ ہیں، ہمیں اب جان لینا چاہیئے کہ ذات، برادری، خوشامد، چاپلوسی، مصلحت اندیشی، یہ سب ذہنی غلامی کی مختلف شکلیں ہیں اور ہمیں اس ذہنی غلامی سے آزاد ہونا ہے، نہ صرف اپنے لئے بلکہ آنے والے مستقبل اور نسل کی بہتری کے لئے۔ کیونکہ ہم سب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور اسی طرح آپس میں جڑ کر رہینگے تو ایک دوسرے کو ترقی دینگے اور ایک دوسرے کو ترقی دینے سے ہی معاشرے سے تنزلی دور ہوگی۔


قیصر محمود عراقی
کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔۵۸
Mob: 6291697668







# انڈین یونین مسلم لیگ دہلی پردیش کے کارکنوں نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا



انڈین یونین مسلم لیگ کے قومی جنرل سکریٹری پی کے کنہالی کٹی سے ملاقات کرتے ہوئے، انڈین یونین مسلم لیگ دہلی ریاست کے کارکنوں نے اپنا استعفیٰ پیش کیا اور بتایا کہ”مسلم لیگ کے محنتی کارکنوں کی شمالی ہندوستان میں خاص طور پر دہلی میں قدر نہیں کی جاتی۔ دلی میں لوگ اپنے آپ کو پارٹی کا مالک سمجھتے ہیں اور پارٹی بھی کچھ نہیں کرتی اور نہ ہی دہلی میں کوئی تنظیم بناتی ہے۔ سال گزر گئے لیکن پارٹی کے اعلیٰ عہدیداروں کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا اس بات کے نہ ملنے سے ہمیں بہت تکلیف اور دکھ ہوا، اس لیے ہم تمام سرگرم کارکنان پارٹی کی مستقل رکنیت سے مستعفی ہو رہے ہیں۔ مستعفی ہونے والوں میں محمد مرسلین، وسیم اکرم، جاوید ساحل، عزیز قریشی، اکرم خان، زبیر خان، مہتاب پنوار، دانش خان، آفتاب خان، دانش خان، محمد شاہد بیگ، محمد سلیم وغیرہ شامل ہیں۔







# فلماچی نے اپنی پہلی فلم ”ساس کمل بہو دھمال“ امرپالی دوبے کے ساتھ بنائی، فلم 21 دسمبر کو ریلیز ہوگی




بھوجپوری سنیما کے مداحوں کے لیے ایک بڑی خوشخبری ہے۔ فلماچی بھوجپوری اب بھوجپوری انڈسٹری میں ایک نئی تاریخ رقم کرنے جا رہی ہے۔ اب چینل نے اپنی فلمیں بنانا شروع کر دی ہیں۔ یہ چینل اپنی کوششوں سے بنائی گئی اپنی فلم بھوجپوری ناظرین کے سامنے پیش کرے گا۔ فلماچی چینل کو ناظرین میں بہت پسند کیا جاتا ہے۔ اسی لیے اب فلمساز شائقین کی پسند کے مطابق فلم خود بنائیں گے اور شائقین کو محظوظ کریں گے جس کا ورلڈ ٹیلی ویژن پریمیئر 21 دسمبر کو ہوگا۔ فلم ساس کمال بہو دھمال” 21 دسمبر 2024 کو شام 5 بجے فلماچی چینل پر دکھائی جائے گی۔ تفریح کے ساتھ ساتھ یہ فلم ایک منفرد کہانی اور سماجی پیغام لے کر آ رہی ہے، جو شائقین کو شروع سے آخر تک اپنے سحر میں جکڑے رکھے گی۔ فلم کی کہانی جھجھور پور نامی ایک افسانوی گاؤں پر مبنی ہے، جو ایک بابا کی لعنت کی وجہ سے متاثر ہوتا ہے۔ اس لعنت کی وجہ سے اس گاؤں میں ساس اور بہو کا رشتہ کبھی بھی نارمل نہیں رہتا۔ لیکن جب پڑھی لکھی لکشمی (امرپالی دوبے) اس گاؤں میں دلہن بن کر آتی ہیں تو اسے بھی اس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لکشمی ہار ماننے والی نہیں ہے۔ وہ ساس اور بہو کے درمیان جھگڑے کو ختم کرنے اور گاؤں کو لعنت سے آزاد کرنے کے لیے ایک خفیہ منصوبہ تیار کرتی ہے۔ کہانی میں موڑ تب آتا ہے جب لکشمی کا منصوبہ کامیاب ہو جاتا ہے اور اچانک وہ گاؤں والوں کے سامنے آ جاتی ہے۔ لکشمی کی نیتوں پر سوالیہ نشان ہے۔ آخر کار، کیا وہ اس لعنت کو ختم کرنے اور گاؤں میں امن لانے میں کامیاب ہو جائے گی، یا اس کا منصوبہ الٹا ہو جائے گا؟ ان سوالوں کے جواب کے لیے آپ کو فلم دیکھنا پڑے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ فلماچی چینل نے اس نئے اقدام میں بڑے ستاروں کے ساتھ ہاتھ ملایا ہے، تاکہ وہ ناظرین کو بہتر معیار کی فلمیں دے سکے۔ اسی وجہ سے فلماچی چینل نے اپنی پہلی فلم کے لیے ریاست کی سب سے بڑی فلم اور سب سے طاقتور اسٹار سپر اسٹار امرپالی دوبے کا انتخاب کیا ہے۔ امرپالی دوبے کے ساتھ فلم میں ودیا سنگھ، منی بھٹا چاریہ، لاڈو مدھیشیا، جئے یادو اور جیوتی مشرا سمیت کئی تجربہ کار اداکار نظر آئیں گے۔ فلم کے حوالے سے امرپالی دوبے نے کہا کہ ’ساس کمل بہو دھمال‘ ایک ایسی کہانی ہے جو ساس اور بہو کے رشتے کی پیچیدگیوں اور اس میں چھپے جذباتی پہلوؤں کو مزاح اور ڈرامے کے ذریعے پیش کرتی ہے۔ اس فلم کی سب سے بڑی خوبی اس کا منفرد پلاٹ ہے، جس میں تفریح کے ساتھ ساتھ ایک اہم سماجی پیغام بھی چھپا ہے۔









## قیدیوں کی گاڑی کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جوڑا زخمی

(بہار شریف محمد آفتاب) سوہسرائے تھانہ علاقہ کے موگلکوان کے قریب قیدیوں کی گاڑی نے موٹرسائیکل سوار جوڑے کو ٹکر ماردی جس کی وجہ سے موٹرسائیکل پر سوار شوہر دیوآنند پنڈت شدید زخمی ہوگیا جبکہ موٹرسائیکل پر سوار بیوی کو بھی معمولی



چوٹیں آئیں۔ واقعہ کے بارے میں بیوی نے بتایا کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ چنڈی سے بہار شریف بلاک کسی کام سے آرہے تھے۔ موگلکوان کے قریب قیدیوں کی گاڑی نے موٹرسائیکل کو ٹکر ماردی، اچھی بات یہ تھی کہ ڈرائیور نے موٹرسائیکل سوار جوڑے کو بروقت دیکھ لیا ورنہ بڑا حادثہ ہوسکتا تھا۔ واقعہ کے بعد قیدیوں کی گاڑی بھی تقریباً 20 منٹ تک سڑک پر کھڑی رہی جس کی وجہ سے موگلکواں سوہسرائے مین روڈ پر پولیس اسٹیشن اور تھانہ صدر کے پہنچنے پر جام کو ہٹایا جاسکا فی الحال زخمیوں کو اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔

## ممبرشپ مہم (2025-2028) بوتھ نمبر 01 اور 02 سے راشٹریہ جنتا دل پنچایت کے صدر راجیو کمار کی رہائش گاہ پر شروع کی گئی

سمستی پور محمد زبیر

رکنیت سازی مہم (2025-2028) بوتھ نمبر 01 اور 02 سے راشٹریہ جنتا دل پنچایت کے صدر راجیو کمار جی کے وبھوتی پور بلاک کے بھر پورہ-پٹپارہ میں رہائش گاہ پر شروع کی گئی۔ رکنیت سازی مہم کی صدارت بلاک صدر رویندر کمار یادو نے کی۔ اس پروگرام کے مہمان خصوصی سابق ایم پی/ سابق وزیر کم اُجیار پور کے ایم ایل اے عزت مآب آلوک کمار مہتا جی، تنظیم ضلع اُجیار پور کے انچارج جناب ناگیندر



پرساد سنگھ جی، تنظیم ضلع اُجیار پور کے ضلع صدر جناب راجیشور مہتو جی تھے، مجھے پہلا بنایا گیا۔ وبھوتی پور بلاک میں راشٹریہ جنتا دل کے رکن بننے کا موقع ملا اس پروگرام میں ریاستی سکریٹری پربھو نارائن رائے جی، پنچایتی راج سیل کے ریاستی سکریٹری امرجیت سنگھ کشواہا جی، خواتین سیل کی ضلع صدر ممتا کماری کشواہا جی، بزنس سیل کے ضلع صدر مکیش کمار پوروے، امردیپ کمار سنہا عرف مہاتما جی، یوتھ بلاک صدر۔ منوج کشواہا جی، ایس سی/ ایس ٹی بلاک صدر کمار گورو جی، سابق سربراہ راجندر ٹھاکر جی، راجیش کمار جی، رام چندر پرساد سنگھ جی مہیش کمار جی، رام ولاس مہتو جی، ستیندر پرساد جی، سمنت کمار یادو جی، منوج کمار کرن جی، گونر داس جی، دلیپ کمار مہتو جی وغیرہ موجود تھے۔

## پھر رگوں میں ہوا بیدار لہو
## پھر لب جاں کو میں ترکنے لگا

کشن گنج کے ممبر آف پارلیامینٹ محترم جناب ڈاکٹر محمد جاوید آزاد صاحب نے پارلیامینٹ میں گزشتہ دنوں جس طرح بے باک ہوکر اپنی باتوں کو پیش کیا۔ اس کی ہر چہار جانب تعریف ہورہی ھے۔۔ اور کیوں نہ ہو کشن گنج کی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہوگا کہ کشن گنج کا کوئی ممبر پارلیمنٹ جو اپنی پارلیامانی خطاب میں اس طرح سے بےخوف وخطر اپنی باتوں کو پیش کیا ہوگا۔ الغرض ڈاکٹر جاوید آزاد



صاحب نے واضح طور پر اپنی باتوں کو رکھتے ہوئے کہا کہ ہمارے ساتھ ماب لنچنگ کی جارہی ھے۔۔ ہمیں مارا جارہا ہے۔۔ اور ہمارے بزرگوں کے داڑھی کو نوچا جارہا ھے۔۔ اور یہیں پر بس نہیں بلکہ ظلم کی انتہاء یہاں تک ھے کہ ہمارے لوگوں کو نماز پڑھتے ہوئے لات ماری جارہی ھے۔ ہماری زمینوں کو چھینا جارہا ھے۔۔ اور ہماری مساجد، مدارس اور درگاہوں پر ناجائز قبضہ کیا جارہا ھے۔ اور مزید ڈاکٹر جاوید آزاد صاحب نے اپنے خطاب میں اے ایم یو کے لئے فنڈ جاری کرنے اور بی جے پی سرکار کی بے رخی عدم توجہی کو اپنے کرب و درد کے ساتھ وضاحت کیا کہ جس اے ایم یو کو منموہن سرکار نے تحفہ کے طور پر کشن گنج والوں کو دیا تھا۔۔ جو آج بی جے پی سرکار نے ٹھنڈا بستہ میں ڈال دیا ھے۔ واقعی ڈاکٹر جاوید آزاد صاحب آپ نے اپنے پڑھے لکھے اور قابل باصلاحیت اچھی سوچ کے مالک اور ہنرمند ہونے کا ثبوت دیا۔۔ اور اپنے علاقے کے تقاضے اور ضروریات کو پارلیامینٹ میں پیش کیا۔۔ اللہ رب العزت آپ کو جزائے خیر دے۔۔ اور اسی طرح قوم وملت کی بے لوث خادم بن کر خدمت کرنے کی توفیق دے۔۔۔۔۔۔

انقلاب دنیا میں خود بخود نہیں آتا۔۔

انقلاب آتا ھے انقلاب لانے سے۔۔۔۔۔۔

قاری جاوید اقبال۔۔ جنرل سکریٹری جمیعۃ علماء پوٹھیا بلاک۔۔ کشن گنج۔۔ بہار

## منشی باری فٹبال ٹیم سبطین میموریل فٹبال شیلڈ پر منشی باری فٹبال ٹیم کا قبضہ، فائنل میچ کا فیصلہ پنالٹی شوٹ پر ہوا

ارریہ:- (مشتاق احمد صدیقی) ماڈرن سپورٹس کلب ارریہ کے زیر اہتمام ارریہ کے قلب میں واقع نیتاجی سبھاش اسٹیڈیم میں چل رہے طفیل سبطین میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کل کے فائنل کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچ گیا۔ فائنل میں منشی باری پورنیہ کی ٹیم نے مقررہ وقت تک کوئی گول نہ ہونے کی وجہ سے سرنا فٹ بال ٹیم کو تین کے مقابلے چار گول سے شکست دی۔ میچ کا فیصلہ پنالٹی شوٹ آؤٹ سے ہوا، بہار حکومت کے سابق ڈیزاسٹر منسٹر اور جوکی ہاٹ کے ایم ایل اے شاہنواز عالم نے فائنل



فٹبال میچ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ فاتح اور رنر ٹیم کو ان کے ہاتھوں میں شیلڈ دی گئی، شائقین نے فائنل میچ کا بھرپور لطف اٹھایا، نیتاجی سبھاش میں منعقدہ اس ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں پروفیسر رقیب احمد اور ارریہ پبلک اسکول اور وونانک اکیڈمی کے ڈائریکٹر مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے۔ اس موقع پر اسٹیڈیم ارریہ کے علاوہ پرساد پور پنچایت کے سربراہ رفعت سانوی وغیرہ موجود تھے۔ پچھلے سال کی طرح آنے والے نئے سال میں بھی 4 جنوری سے اسی اسٹیڈیم میں سیمانچل گاندھی تسلیم الدین میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس موقع پر سماجی کارکن سنجے مشرا نے کہا کہ ارریہ فٹ بال کی سرزمین ہے، انہوں نے اس بارے میں بھی تفصیلات کے ساتھ روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ماڈل اسپورٹس کلب کے آرگنائزر وصدر ستین شرن اور سیکرٹری اشتیاق عالم نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ارریہ کھیلے گا، ارریا آگے بڑھے گا اور منشیات سے پاک ہوگا۔

# اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے 305 عہدوں کیلئے فارم 17 جنوری تک
## اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں: امتیاز احمد کریمی

پٹنہ (اسٹاف رپورٹر) ہوم ڈپارٹمنٹ (ریزرو برانچ) میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اسٹینو) کے 305 عہدوں پر کمپیٹیٹو اگزام کی بنیاد پر سیدھی بحالی کے لئے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواست طلب کی گئی ہے۔ بہار پولس سب آرڈینٹ سروس کمیشن کے توسط سے 17 جنوری 2025 تک آن لائن درخواست فارم طلب کئے گئے ہیں۔ یہ باتیں امتیاز احمد کریمی نے تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں



کے مفاد میں بتائی ہیں۔ جناب کریمی نے بتایا کہ کمیشن کے ذرائع سے حاصل معلومات کے مطابق اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اسٹینو) کی یہ بحالی لیول 5 کی ہوگی۔ جناب کریمی نے بتایا کہ ان عہدوں پر بحالی کے لئے مرد وخواتین امیدوار کا ہندستانی باشندہ ہونا لازمی ہے۔ یکم اگست 2024 تک امیدوار انٹرمیڈیٹ یا مساوی درجہ کا امتحان پاس کر چکا ہو۔ ساتھ ہی امیدوار کے پاس حکومت سے منظور شدہ کمپیوٹر سنٹر سے ڈپلوما کی سرٹی فیکٹ حاصل کی ہوئی ہو۔ اس میں تحریری امتحان میں کامیاب امیدواروں کا ہندی/ انگلش ٹائپنگ ٹسٹ بھی لیا جائے گا۔ اس کے بعد میرٹ لسٹ کی بنیاد پر بحالی کی کارروائی کی جائے گی۔ امیدوار مزید تفصیلات کیلئے ویب سائٹ https://bpssc.bihar.gov.in/ سے حاصل کرسکتے ہیں۔ جناب کریمی نے کہا کہ طلبا و طالبات ہر طرح کے مقابلہ جاتی امتحان کے لئے خود کو تیار رکھیں۔ کوئی بھی مقابلہ جاتی امتحان خواہ روزگار حاصل کرنے کے لئے ہو یا اعلیٰ تعلیم کے حوصلہ کے لئے داخلہ ٹسٹ ہو، آپ ضرور فارم بھریں۔ انہوں نے کہا کہ بہار میں نتیش حکومت کی جانب سے تعلیمی شعبے میں کافی کام ہورہے ہیں۔ اقلیتوں کے لئے کئی اضلاع میں اقلیتی اسکول مع ہاسٹل قائم ہوئے ہیں۔ عزت مآب وزیر اعلیٰ بہار جناب نتیش کمار نے بہار میں تعلیمی انقلاب لانے کی کوشش کی ہے اس سے اقلیتی طبقہ کو فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ روزگار کے شعبے میں بھی نتیش حکومت نے زبردست مواقع فراہم کئے ہیں۔ مختلف طرح کی بحالیاں عمل میں آرہی ہیں۔ اس لئے اقلیتی طلبا و طالبات اور بے روزگار نوجوانوں کو حکومت کے فلاحی اسکیم اور منصوبے سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہمیشہ مستعد رہنا چاہئے۔ جناب کریمی نے کہا کہ اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی طرح کی کامیابی کے لئے محنت اولین شرط ہے۔ محنت اور لگن سے ہر منزل آسان ہوجاتی ہے۔ آپ دل وجان سے محنت کریں۔ محنت سے ہی کامیابی ملتی ہے۔ ہماری دعائیں اور نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

## دسویں جماعت کے نصاب میں شامل درخشاں اردو کے مختصر ترین سوالات وجوابات

حصہ نظم۔

غزل (حسن نعیم)

مختصر ترین سوالات۔

سوال۔ حسن نعیم کا اصل نام کیا تھا؟

جواب۔ ان کا اصل نام سید حسن تھا۔

سوال حسن نعیم کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب حسن نعیم کی پیدائش 6 جنوری 1924 کو ہوئی۔

سوال۔ حسن نعیم کسی ملازمت سے مستعفی ہوئے؟

جواب۔ حسن نعیم ہندوستان کے وزارت خارجہ کے ملازمت سے مستعفی ہوئے۔

سوال۔ حسن نعیم کی پیدائش کہاں ہوئی؟

جواب۔ حسن نعیم کی پیدائش پٹنہ میں ہوئی۔ سوال۔ حسن نعیم کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟ جواب۔ حسن نعیم کا انتقال 22 فروری 1991 میں ہوا۔


سوال۔ حسن نعیم کسی ادارہ میں ڈائرکٹر کے عہدہ پر مامور تھے؟

جواب۔ وہ غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی کے ڈائریکٹر کے عہدہ پر مامور تھے۔

اعجاز احمد اصطلاحی گرول علی نگر دربھنگہ۔ ضلع نمائندہ سہارا ایکسپریس پٹنہ رانچی و دہلی۔

## پلاٹینم پیار بینڈ کے ساتھ اپنی وابستگی کا مظاہرہ کریں: آپ کی محبت کی طرح نایاب، قیمتی اور اٹوٹ


پٹنہ، 2024: سخت سردی نے ہوا میں رومانس کی لہر دوڑا دی ہے، اور جوڑوں کے لیے اپنی وابستگی کا مظاہرہ کرنے کا مرحلہ طے کر دیا ہے۔ شادیوں اور سالگرہ منانے کی تیاریاں کی جارہی ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کوئی بھی شکل کیوں نہ ہو، ہر طرف محبت کا ماحول ہے۔ یہ جوڑا اپنی فطری محبت سے ایک دوسرے کے مزاج اور غلطیوں کو اپنا رہا ہے۔ وہ ایک ساتھ مل کر خوف اور شک سے آگے بڑھ رہے ہیں، اور محبت کی طاقت سے لکھے ہوئے مستقبل میں داخل ہورہے ہیں۔ ان اہم لمحات کے لیے صرف ایک دھات ہے جو اس نایاب اور قیمتی محبت کی گہرائی کو ظاہر کرسکتی ہے اور وہ ہے پلاٹینم کیونکہ یہ دھات بھی اتنی ہی نایاب اور قیمتی ہے۔ پلاٹینم ستاروں میں پیدا ہوا اور تقریباً 2 بلین سال پہلے ایک الکا کے ذریعے زمین پر لایا گیا۔ یہ نایاب دھات دنیا میں بہت کم جگہوں پر پائی جاتی ہے اور سونے سے 30 گنا زیادہ نایاب ہے۔ یہ ایک بہت سخت دھات ہے، جو نہ اپنی شکل کھوتی ہے اور نہ ہی اپنی قدرتی سفید



چمک۔ لہذا یہ نایاب محبت کی مضبوطی اور مستقل مزاجی کی عکاسی کرتا ہے۔ جس طرح پلاٹینم کبھی اپنی چمک نہیں کھوتا، اسی طرح وہ محبت بھی اٹوٹ اور ابدی ہے۔ 95 فیصد خالص اور نایاب پلاٹینم سے تیار کردہ، پلاٹینم محبت کے بینڈ صرف زیورات نہیں ہیں، بلکہ یہ محبت کی علامت ہیں۔ یہ محبت کے بینڈ جدید رشتوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کی شخصیتوں کو گلے لگائیں، باہمی کامیابیوں کا جشن منائیں، اور زندگی کی ذمہ داریوں کو بانٹیں۔ ان کے چکنے ڈھانچے، سیال لکیریں اور ہر بینڈ کے خوبصورت نقش ان اصولوں کو مجسم کرتے ہیں۔ مرصع اور وضع دار انداز ہو یا لازوال خوبصورتی، پلاٹینم محبت کے بینڈز کا وسیع مجموعہ محبت کے لیے سرشار جوڑوں کے دلوں میں جگہ پاتا ہے۔ اپنے بھرپور ورثے اور جدید کشش کے ساتھ، پلاٹینم منفرد جیولری میں آج کے ڈیزائن کے رجحانات کو مجسم کرتا ہے جو آپ کی ذاتی محبت کی کہانی بیان کرنے کے لیے بہترین ہے۔

## بھارتیہ گیان پرمپرا پر شعبۂ اردو رانچی یونیورسٹی میں یک روزہ سمینار کا انعقاد
## گیان پرمپرا کی ابتدا ویدک ادب میں نہیں بلکہ ہڑپا کے آثاریات میں ہے محفوظ: ڈاکٹر محمد رضوان علی

رانچی (پریس ریلیز) آج یونیورسٹی شعبۂ اردو رانچی یونیورسٹی، رانچی میں قومی تعلیمی پالیسی 2020ء کے فروغ اور اشاعت کے لئے یک روزہ یونیورسٹی سطح کے سمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں شعبۂ اردو، بنگالی، ہندی، انگریزی، سنسکرت اور یونیورسٹی کے دوسرے شعبہ جاتوں کے اساتذہ کرام کے علاوہ ریسرچ اسکالرز بڑی تعداد میں آخری وقت تک موجود رہے۔ آج کے سمینار کا موضوع: 'بھارتیہ علمی نظام' آیا بھارتیہ گیان پرمپرا تھا۔ آج کے سمینار کی صدارت شعبۂ اردو کے صدر ڈاکٹر محمد رضوان علی نے فرمائی، جب کہ خصوصی مہمان کے طور پر ڈین ہیومنیٹیز محترمہ پروفیسر ارچنا دوبے موجود رہیں۔ جب کہ خصوصی مقرر کے طور پر پرنسپل ڈورنڈا کالج ڈورنڈا اور استاذ شعبۂ انگریزی جناب ڈاکٹر راج کمار شرما نے اپنا مخصوص خطبہ پیش کیا۔ جس میں انہوں نے بتایا کہ زمانۂ قدیم سے ہی بھارت کے تمدن کا باہمی اشتراک عرب کے تمدن اور گریک اور رومن تمدن کے ساتھ رہا ہے جس سے واضح ہے کہ ان تمدن کی شہریت کے درمیان شاہراہ ریشم پر تجارت کے ساتھ ساتھ الفاظ اور تمدن کا بھی تبادلہ ہوا۔ اس لئے عربی لیٹن اور سنسکرت کی لفظیات کے درمیان مشابہت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنسکرت زبان سب سے قدیم زبان ہے، جو دیووانی ہے جس پر ریسرچ اسکالرز نے سوال کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کی قدیم زبان تمل ہے جو دراوڑ زبان کی ذیلی شاخ ہے۔





آج کے سمینار میں مہمان خصوصی پروفیسر ارچنا دوبے نے سنسکرت کے اشلوکوں اور ریچاؤں سے ریسرچ اسکالرز کو مستفیض کیا اور یہ بتانے کی کوشش کی کہ یجر وید ہندوستان کی قدیم طبی اور میڈیکل کتاب ہے، جس میں تمام تر امراض کا مداوا دیکھنے کو ملتا ہے۔ جب کہ سنسکرت کے سابق صدر ڈاکٹر مدھولیکا ورما نے روشن خیالی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ سنسکرت کے علاوہ تمام تر ہندوستانی علوم کو بھی ہم ہندوستان کی قدیم روایات میں رکھ کر ہندوستان کی تہذیب وتمدن کو مستحکم اور پائیدار بنا سکتے ہیں۔ آج کی نشست میں ہندوستانی میڈیسن، مابعد الطبعیات، طبعیات، کیمیا، فلسفہ اور ہندسہ پر تفصیل سے خصوصی مقرر نے وضاحت فرمائی اور ریسرچ اسکالرز کو آگاہ کیا کہ ان موضوعات پر تحقیق کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ آج کے سمینار کے آخری سیشن میں باضابطہ سوالات وجوابات کا سلسلہ قائم کیا گیا جس میں صدر شعبۂ اردو نے تاریخ کے تدریجی عمل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ویدک تمدن سے قبل ہندوستان میں ماقبل تاریخ کا جو تمدن رہا ہے وہ پہاڑوں کے دامنوں میں ہنوز باقی ہے اور اس کے بعد موہن جوداڑو اور ہڑپا کی تہذیب وتمدن کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ جن کا باضابطہ اپنا اسلوب، سنگ وخشت، شہروں کی منصوبہ بندی اور کاشت کاری کے نظام کے ساتھ ساتھ رسم الخط کی باضابطہ روایت بھی دیکھنے کو ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈین نالج سسٹم کی ابتداء ہڑپا، موہن جوداڑو، کالی بگان، لوتھل اور دوسرے مقامات کے آثاریات سے ہی متعین کئے جاسکتے ہیں۔ آج کی نشست میں جن لوگوں نے اپنا خطبہ پیش کیا ان میں ڈاکٹر راج کمار شرما، پروفیسر ارچنا دوبے، ڈاکٹر محمد رضوان علی، ڈاکٹر شکیل احمد خان، ڈاکٹر آغا ظفر حسنین، ڈاکٹر پونم سہائے، ڈاکٹر شیو پرکاش سنگھ، سمیت ڈے کے نام قابل ذکر ہیں۔ سمینار میں عبدالمغنی، ڈاکٹر محمد حیدر علی، مولانا وارث جمال، محمد انتخاب علی، محمد کلیم، وسیم ندوی محمد اقبال، عبدالاحد، دانش ایاز کے علاوہ سیکڑوں طلبا وطالبات موجود تھیں۔

## دوڈا کو گرفتار

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

چوک شکار پور نالہ سے گاڑیوں کی چیکنگ آپریشن کے دوران دو چین اسنیچرز کو گرفتار کرلیا گیا۔ اس معاملے میں پٹنہ سٹی کے ڈی ایس پی-2 ڈاکٹر گورو کمار نے کہا کہ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی ہدایت پر گاڑیوں کی خصوصی چیکنگ کی جارہی ہے۔ تب لوگوں کو اطلاع ملی کہ دو چین اسنیچرز خاتون ریا کماری کے گلے سے



سونے کی چین چھین کر فرار ہو گئے ہیں۔ جس پر تھانہ چوک پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دونوں کو گرفتار کرلیا۔ یہ خاتون عالم گنج تھانہ علاقہ کے گڑ کی منڈی کے رہنے والے دیاندھی کمار کی بیوی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزمان عالم گنج تھانہ علاقے کی گڑ کی منڈی، عارف آباد کالونی کے رہنے والے سمن کمار اور ہنومان مندر کے قریب گڑ کی منڈی کے رہنے والے گورکھ کمار۔ دونوں کی مجرمانہ تاریخ ہے۔ 29 فروری کو دوپہر ایک بجے کے قریب دیدارگنج تھانہ علاقے میں بریڈ فورڈ اسکول کے قریب ٹیمپو سے اترتے ہوئے اس نے ایک خاتون کے گلے سے سونے کی چین چھین لی اور موٹرسائیکل پر کرملیچک کی طرف بھاگ گیا۔ وہیں پاٹلی پترا تھانہ علاقے میں درگا مندر کے نزدیک گزشتہ 7 ستمبر کی شام تقریباً 7 بجے ایک خاتون کا منگل سوتر چھین لیا گیا۔ اس وقت گورکھ بھی موٹرسائیکل پر سوار تھے۔

## کمبل کی تقسیم

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

سخت سردی کے درمیان سردی سے کانپتے لوگوں میں کمبل تقسیم کیے گئے۔ پیر کی رات سماجی کارکن پنکج کمار سنہا کی جانب سے کمہر پارک میں واقع کچی آبادی میں



رہنے والے لوگوں میں کمبل تقسیم کیے گئے۔ اس کے بعد بہادر پور، ساندل پور سمیت پانچ دیگر مقامات پر 1000 کمبل تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ مہم جاری رہے گی۔ موبائل گاڑیوں پر ضرورت مندوں میں کمبل تقسیم کیے جائیں گے۔ انہوں نے دیگر سماجی کارکنوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اس طرح کا کام کریں۔ اس موقع پر متھلیش، پیوش سریواستو، مرتیونجے، سنشیکا دیال، منی موجود تھے۔

## ڈپٹی ڈائریکٹر نے چارج سنبھال لیا

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

مونا جھا نے پیر کو بہار سروے آفس، گلزار باغ میں ڈپٹی ڈائریکٹر کا چارج سنبھال



لیا۔ نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر نے سبکدوش ہونے والی ڈپٹی ڈائریکٹر شاہدہ خاتون سے چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے کے بعد ان کا ملازمین سے تعارف کرایا گیا۔ دفتر کا دورہ کیا اور وہاں کے انتظامات کو دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ سب کا تعاون ضروری ہے۔ اس موقع پر پنکج کمار، رتندیپ پانڈے، سنجے کمار پانڈے، سنجے کمار سمیت کئی اہلکار موجود تھے۔ ملازمین نے ڈپٹی ڈائریکٹر کو گلدستہ پیش کر کے خوش آمدید کہا۔

## ادارہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں حضرت مولانا محمد انیس الرحمن قاسمی قومی نائب صدر آل انڈیا ملی کونسل بہار کی آمد

سیتامڑھی (تنویر شمسی)

مورخہ 12 / جمادی الثانی 1446ھ مطابق 15 / دسمبر 2024ء بروز اتوار آل انڈیا ملی کونسل بہار کے قومی نائب صدر حضرت مولانا محمد انیس الرحمن قاسمی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اپنے وفد کے ساتھ ناچیز شعیب ربانی غفرلہ کی دعوت کو



شرف قبولیت سے نوازتے ہوئے ادارہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں تشریف لاکر ادارہ ہٰذا کے طلبہ عزیز و اساتذہ کرام کی روز وشب وسائل کی قلت اور مسائل کے ہجوم میں رہتے ہوئے نظم ونسق کے ساتھ تعلیم وتربیت کا معیاری نظام دیکھ کر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا اور اور دلی دعاؤں سے نوازتے ہوئے ہم خدام ادارہ کی حوصلہ افزائی فرمائی اس موقع پر ادارہ ہٰذا سے حافظ قرآن ہونے والے چند طلبہ عزیز سے قرآن شریف کی چند سورتوں کی تلاوت بھی ساعت فرئی اس سے قبل حضرت والا نے ناشتہ کے ضیافت کا شرف بھی عطا فرمایا اس کے بعد حضرت منعقدہ تحفظ اوقاف و تعلیمی بیداری کانفرنس میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے

## پولیس کے ذریعہ طلبہ لیڈر دیویندر مہتو کو مارنا اور گھسیٹنا اور احتجاج کرنے والے طلبہ پر لاٹھی چارج کرنا جمہوری نظام میں اچھی علامت نہیں ہے۔ وجے شنکر نائک

رانچی (پریس ریلیز) آدیواسی مول واسی جنادھیکر منچ کے مرکزی نائب صدر اور سابق ایم ایل اے امیدوار وجے شنکر نائک نے آج کہا کہ جے ایس سی اے سی جی ایل امتحان میں پاس ہونے والے طلباء کی دستاویزات کی تصدیق کی اجازت نہ دینے کے خلاف احتجاج کرنے جے ایس سی اے آفس آنے والے طلباء پر لاٹھی چارج کیا گیا اور طلباء لیڈر دیویندر کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ انہوں نے پولیس کی طرف سے غیر انسانی گھسیٹنے اور گرفتاری پر اپنے ردعمل میں کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ چاہے وہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت ہو یا جے ایم ایم کی حکومت، جمہوری پرامن احتجاج پر لاٹھی چارج کرنا لازم ہوگیا ہے، جو جمہوریت کے لیے مہلک ہے۔ شری نائک نے مزید کہا کہ عوامی نمائندے اور مشتعل طلباء کے خلاف پولیس کی ایسی وحشیانہ کارروائی کرنا پولیس کے لیے مناسب نہیں ہے، جس کا پلیٹ فارم اس کی سخت مذمت کرتا ہے اور ہیمنت حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ



بدمزاج پولیس افسر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ کارروائی کریں۔ شری نائک نے یہ بھی کہا کہ پیپر لیک اور امتحان میں دھاندلی بی جے پی کے وزیر اعلیٰ بابولال مرانڈی کے دور میں شروع ہوئی تھی۔ اگر ہم گھوٹالے کی بات کریں تو جے پی ایس سی گھوٹالے کے دوران بابولال مرانڈی حکومت میں تھے اور بابولال مرانڈی نے جو کرپشن کا بیج بویا تھا وہ آج ایک بہت بڑا درخت بن چکا ہے، اس لیے بابولال مرانڈی کو جے ایس ایس سی پر بولنے کا اخلاقی حق نہیں ہے۔ سی جی ایل یا جے پی ایس سی۔ زیادہ تر میگھا گھوٹالے بی جے پی کے دور میں ہوئے ہیں، اب جھارکھنڈ کے پچھلے 24 سالوں میں کسی بھی حکومت نے نوجوانوں کے جذبات کو متاثر نہیں کیا ہے۔ ریاست کے نوجوانوں کی عزت نہیں کی گئی جو ریاست کے قیام کے دوران دیکھے گئے خوابوں کو توڑ دیتی ہے۔

## آئی سی آئی سی آئی پرو لائف انشورنس نے مالیاتی سال 2025 کی دوسری سہ ماہی کے 99.04 فی مدت کلیم صرف 1.2 دنوں میں نپٹائیے

رانچی، آئی سی آئی سی آئی پراڈینشل لائف انشورنس نے جولائی 2024 سے ستمبر 2024 کی مدت کے لیے 99.04 فیصد کا کلیم سیٹلمنٹ ریشو حاصل کیا ہے، جو انڈسٹری میں سب سے زیادہ ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ موت کے دعوے کو نمٹانے میں اوسطاً صرف 1.2 دن لگے۔ مسٹر امیش بینکر، چیف آپریشن آفیسر، انشورنس، نے کہا، کلیم وہ لمحہ ہوتا ہے جب گاہک ہم پر اعتماد کرتا ہے، اور ہم ہر دعوے کو حساسیت کے ساتھ ہینڈل کرتے ہیں۔ ہم نے Q2FY25 میں 99.04 فیصد دعووں کا تصفیہ کیا، جب کہ غیر تفتیشی دعووں کے لیے اوسط تصفیہ کا وقت (دستاویزات کی وصولی کے بعد) صرف 1.2 دن تھا۔ اس مدت کے دوران ہم نے 451 کروڑ روپے کے موت کے دعووں کا تصفیہ کیا۔ ہمارے کلیمز فار سیور اقدام کے تحت، ہم تمام دستاویزات جمع کرائے جانے کے بعد ایک دن میں اہل دعووں کا تصفیہ کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ جو صنعت میں کلیم سیٹلمنٹ ریشو کے ساتھ سب سے آگے ہے۔

## پہلی بار ہے جب میں ولن کا کردار ادا کر رہی ہوں

پٹنہ: زیادہ تر گھروں میں، گھریلو خاتون کے کاموں پر اکثر توجہ نہیں دی جاتی ہے۔ چھوٹی سی بچت کرنا، گھر کا انتظام کرنا، خاندان کی دیکھ بھال کرنا... یہ سب اس کی روزمرہ کی زندگی کا حصہ ہے۔ لیکن ان کے خاموش اقدام کو کبھی بھی اتنی اہمیت نہیں دی جاتی جتنی کسی کمانے والے کے کام کو دی جاتی ہے۔ زی ٹی وی کا نیا شو بس اتنا سا خواب اسی جذبے کو آگے لاتا ہے، جس میں اونی ترویدی کی کہانی ہے۔ اونی کانپور کی ایک گھریلو خاتون ہیں۔ وہ ایک ایک روپیہ بچاتی ہے اور ہر چھوٹی ذمہ داری کو پورا کرتی ہے، تاکہ وہ اپنے خاندان کو ایک بڑا گھر خریدنے کا خواب پورا کرنے میں مدد کر سکے۔ لیکن اس سب کے باوجود اس کی تمام کوششیں اکثر نظروں سے اوجھل رہتی ہیں۔ حال ہی میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ مشہور اداکار راج شری ٹھاکر اور یوگیندر وکرم سنگھ بالترتیب اونی اور شیکھر کے مرکزی کردار ادا کریں گے۔ مزید برآں، ناظرین باصلاحیت اداکارہ بھومیکا گورانگ کو شیکھر کی بہن شگن کا کردار ادا کرتے ہوئے دیکھیں گے، جو مکمل طور پر گرے شیڈ میں نظر آئیں گی۔ شگن،



جو حال ہی میں اپنی ناکام شادی کے بعد شیکھر اور اونی کے ساتھ رہ رہی ہے، اپنے بھائی شیکھر کو اکساتی رہتی ہے اور اونی کے خلاف سازش کرتی رہتی ہے۔ بھومیکا گورانگ نے کہا، "میں سمجھتی ہوں کہ شگن ایک پیچیدہ اور دلچسپ کردار ہے، جو حسد اور تلخی سے بھرا ہوا ہے۔ وہ انتہائی چالاک اور دھوکے باز ہے اور اپنے مقاصد کے حصول کے لیے دوسروں کو استعمال کرنے سے نہیں ہچکچاتی۔ میرے لیے یہ ایک منفی کردار ادا کرنا ہے۔ ایک دلچسپ اور نیا تجربہ میں نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیے ہیں، اور یہ پہلی بار ہے جب میں اس چیلنج سے لطف اندوز ہورہا ہوں۔ بہت سے پہلوؤں پر مشتمل اس کردار کو ادا کرنے کا موقع ملنا میرے لیے بہت خاص ہے اور اب میں شائقین کے ردعمل کا بے صبری سے انتظار کررہا ہوں۔ اونی کی کہانی بس اتنا سا خواب کے ذریعے ایک موثر پیغام دیتی ہے کہ ایک گھریلو خاتون جو گھر کی چاردیواری کے اندر بہت سی ذمہ داریاں باآسانی نبھاسکتی ہے، وہ گھر کی دہلیز کو عبور کر کے دنیا کا سامنا بھی کرسکتی ہے۔" جو گھر کی دیکھ بھال کرسکتی ہے وہ گھر بھی چلاسکتی ہے

پرنٹر پبلیشر، پروپرائٹر، ایڈیٹر، قمرالعابدین نے کوالیٹی آفیسٹ پرنٹرس محمد پور شاہ گنج پٹنہ۔ 6 سے چھپواکر یونک کمپیوٹر، اپوزٹ کٹرہ مڈل اسکول، پوسٹ مہندروسلطان گنج، پٹنہ۔ 6 سے شائع کیا

Owner,Publisher,Printer & Editor Qamrul Abdin Printed at Quality Offset Printers,Mohammadpur,Shahganj,Patna-6 & Published From Unique Computer,Opp:Katra Middle School,P.O.Mahendru,Sultanganj,Patna-6(Bihar)Mob: 9334346898

# بزم مجاہد کا سالانہ پروگروگرام بحسن وخوبی اختتام پذیر ہوا۔محمد منت اللہ دربھنگوی

باندہ17 دسمبر (ابوالفضل ندوی) بروز جمعرات کو جامعہ عربیہ ہتھورا باندہ میں عربی ششم کی درسگاہ میں انجمن بزم مجاہد برائے طلبۂ صوبۂ بہار جامعہ عربیہ ہتھورا باندہ یوپی (بیادگار: قاضی مجاہدالاسلام صاحب قاسمی نوراللہ مرقدہ صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ ورکن اسلامک فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ) کا خوبصورت سالانہ تقابلی وانعامی پروگرام منعقد ہوکر بحسن وخوبی تکمیل کو پہونچا، یہ پروگرام محقق دوراں الحاج حضرت مولانا عتیق الرحمٰن صاحب قاسمی بہرائچی مدظلہ العالی (استاذ حدیث وناظم تعلیمات جامعہ ہٰذا) کی سرپرستی،صوفی زماں الحاج حضرت مولانا ومفتی محمد نور عالم صاحب بصری چمپارنی مدظلہ العالی (استاذ حدیث وفقہ جامعہ ہٰذا) کی صدارت، فاضل نواں حضرت مولانا ومفتی محمد رضی اللہ صاحب قاسمی دربھنگوی مدظلہ العالی (استاذ عربی جامعہ ہٰذا) کی نگرانی میں ہوا،اورمحبوب زماں حضرت مولانا سید ریاض احمد صاحب باندوی مدظلہ العالی (استاذ حدیث جامعہ ہٰذا) فقیہ زماں حضرت مولانا ومفتی محمد صالح صاحب اعظمی ثاقبی قاسمی ندوی (استاذ حدیث وفقہ جامعہ ہٰذا) نے حکم کے فرائض انجام دیا، مہمان خصوصی کی حیثیت سے حبیب الامت حضرت مولانا سید حبیب احمد صاحب باندوی (جانشین عارف باللہ قاری سید صدیق احمد صاحب باندوی نوراللہ مرقدہ وناظم جامعہ ہٰذا) تشریف فرما تھے،ان کے علاوہ بہت سارے جلیل القدر علماء رونق اسٹیج رہیں، بچوں کے پروگرام کے مکمل ہونے کے بعد صدر انجمن کی بابرکت دعاء سے پروگرام کی تکمیل ہوئی، پھر اخیر میں انعامات کی تقسیم ہوئی اور شرکاء بزم مٹھائی کے ساتھ اپنے اپنے جائے قیام کی طرف روانہ ہوئے۔اللہ تعالیٰ اس بزم کی خدمات اوراس کے فیض کو پورے عالم میں عام وتام کرے۔



# ہندوستان کے این ایچ آر ایس جے سی کے ڈی جی ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے یومیہ اجرت والوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کا مطالبہ کیا

مسٹر زرگر پٹنوی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، ایل جی منوج سنہا اور دیگر سے اپیل کی ہے کہ وہ یومیہ اجرت کو باقاعدہ بنانے کو ترجیح دیں۔انہوں نے اپنے بیان میں طویل عرصے سے کام کرنے والے یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں کو ملازمت کی حفاظت اور دیگر فوائد فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔مسٹر زرگر نے قانون کے طالب علم ہونے کے ناطے کہا ہے کہ یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں، آنگن واڑی کارکنوں، آشا ورکروں، آیا ورکروں وغیرہ کو مستقل کرنے میں مالی رکاوٹیں رکاوٹ نہیں ہونی چاہئیں۔انہوں نے زور دیا کہ یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں کو باقاعدہ بنانے سے ان کی ملازمت کے تحفظ اور ان فوائد تک رسائی میں نمایاں بہتری آسکتی ہے جوان کی فلاح و بہبود اور استحکام کے لیے اہم ہیں۔باقاعدہ روزگار فراہم کرنے سے بھی مثبت سماجی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔یہ تناؤ کو کم کرسکتا ہے اور کارکنوں میں ذہنی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے جس سے زیادہ پیداواری اور ہم آہنگ معاشرے کی طرف جاتا ہے۔



# یہ تقریب دشمی 2019 کے اگلے دن رات 10.30 بجے ہے۔نیہاٹی تھانہ علاقہ کے حاجی نگر کا بدنام غنڈہ شیام بہاری یادو آشو تیواری کو مارنے آیا اور اس کے والد امرناتھ تیواری کو گولی مار کر ہلاک کر دیا

یہ تقریب دشمی 2019 کے اگلے دن رات 10.30 بجے ہے۔نیہاٹی تھانہ علاقہ کے حاجی نگر کا بدنام غنڈہ شیام بہاری یادو آشو تیواری کو مارنے آیا اور اس کے والد امرناتھ تیواری کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔شیام نے بہاری یادو اور اس کے گینگ کے پانچ دیگر لوگوں کو مار ڈالا اور بہار بھاگ گیا۔سب انسپکٹر راجیو کمار ورما کو حاجی نگر چوکی سے تفتیشی افسر مقرر کیا گیا تھا۔اسے بہار میں چھپے ملزموں کو پکڑنے کے لیے بڑی تیاری دکھانی پڑی۔تاہم تفتیشی افسر نے مقررہ وقت میں تفتیشی عمل مکمل کر کے چارج شیٹ داخل کر دی۔ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (تیسری عدالت) شری آیان کمار بنرجی کی عدالت میں سماعت شروع ہوئی۔شری ستیہ ورتا داس مہاشے کو خصوصی پبلک پراسیکیوٹر مقرر کیا گیا تھا۔سماعت کے بعد آج معزز عدالت نے شیام بہاری یادو اور اس کے ساتھیوں کو عمر قید کی سزا سنائی۔تفتیشی افسر ایس آئی راجیو کمار ورما اور معزز سرکاری وکیل شری ستیہ برتا داس مہاشے کو مبارکباد!

# Name Change

मैं मो० इरशाद अनवर ( Mohd. Irshad Anwar ) पिता अब्दुल वाहिद ( Abdul wahid ) ग्राम+ पो० बनगामा,वार्ड नंबर 05 थाना + जिला अररिया, आज के बाद इरसादुल हक ( Irshadul Haque ) के नाम से जाना व पहचाना जाऊंगा

# پرشانت کشور نے نتیش کمار پر حملہ بولا، کہا- دہلی میں حکومت بہار کی طاقت سے چل رہی ہے،لیکن وزیر اعظم کے برابر بیٹھے نتیش کمار بہار کے لیے کسی صنعت کی مانگ نہیں کر رہے، انہیں بس اپنی کرسی کی فکر



پٹنہ: جن سوراج ابھیان کے بانی پرشانت کشور نے بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور این ڈی اے حکومت پر سخت حملہ کیا ہے۔پرشانت کشور نے کہا کہ نتیش کمار اقتدار چھوڑنے کو تیار نہیں ہیں اور بی جے پی بھی انہیں ہٹانے میں بے بس ہے۔اپنے بیان میں پرشانت کشور نے کہا،"نتیش کمار کو کرسی پر بنائے رکھنا بی جے پی کی مجبوری ہے۔اگر بی جے پی کو دہلی میں اپنی حکومت بچانی ہے تو اسے نتیش کمار کو کرسی پر بٹھائے رکھنا ہوگا،اور اگر نتیش کمار کرسی پر رہیں گے تو بہار نظر انداز ہوتا رہے گا۔"انہوں نے الزام لگایا کہ نتیش کمار صرف سیاسی گٹھ جوڑ میں مصروف ہیں، جبکہ بہار کی ترقی کے لیے کوئی ٹھوس قدم نہیں اٹھا رہے۔پرشانت کشور نے کہا، بہار کے وزیر اعلیٰ وزیر اعظم کے برابر بیٹھتے ہیں،لیکن انہوں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ بہار کے مختلف اضلاع جیسے موتیہاری، چھپرا اور گوپال گنج میں صنعتیں لگائی جائیں۔"انہوں نے عوام سے سوال کرتے ہوئے کہا،"کیا آپ نے کبھی کسی اخبار میں یہ خبر پڑھی ہے کہ نتیش کمار بہار کے ہر ضلع میں فیکٹری لگانے کی مانگ کر رہے ہیں؟" پرشانت کشور نے مزید کہا کہ اس بار بہار کی عوام انہیں ایسا سبق سکھائے گی کہ اقتدار میں واپسی کے تمام راستے بند ہو جائیں گے۔

Since- 2007
نفیسہ حج وعمرہ ٹریولس
NAFISA HAJ & UMRAH TRAVELS
20th Dec. 2024
(15 Days)
Amount 95000/-
Delhi to Delhi
(Direct Flight)
SAUDIA
28th Feb. 2025
Special Ramdan
For 20 Days
Amount 140000/-
For 40 Days
Amount 160000/-
SAUDIA
HAJ 2025
For 40 Days
Amount Rs. 700000/- (Seven Lacs)
(Including all facilities)
PACKAGE INCLUSION
Air Ticket, Umrah Visa, Hotel, Insurance
Food (Breakfast, Lunch & Dinner) (Buffet System)
Roundtrip Transportation, by Bus
Ziyarat (with Experienced Tour Guide
Zamzam (as per Govt. Approval), Laundry
Documents Required
Passport (6 Months valid from departure)
2 Passport Size Photo
Pan Cards
★ زندگی کا بہترین سفر اللہ کے گھر تک، اپنی زندگی کے دن یادگار بنائیں۔ ★ اپنی سہولت کے اعتبار سے جب چاہیں عمرہ پر جائیں۔
For Any Enquiry Please Contact Us
Haji Abul Kalam (Director Darbhanga Head Office)........9835686530
9667048262
Md. Abrar Alam (Kishanganj)........9470035621
Maulana Akbar Sb. (Kishanganj)........7763897517
Dr. Gulab (Kathihar)........8409100001
Md. Sanobar, (Darbhanga)........7004517325
وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ۔
"اور اللہ کی خوشنودگی کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو۔"
Head Office: Bazar Samiti, Shivdhara, Darbhanga (Bihar)

Important Documents: VALID PASSPORT , PAN CARD, 2 PHOTOS WITH WHITER BACKGROUND
FLIGHT BY
السعودية Saudia
*4/5 PAX IN 1 ROOM SHARING
DELUXE PACKAGE
No BRANCH
Umrah
2024-25 (1446 H)
DELHI-JEDDAH-DELHI
حج 2025 بکنگ شروع
Umrah with alhamiz.in
الحميز Al-Hamiz
Hajj and Umrah Tour & Travels
23x2 Kg. Baggage

| Departure Date | 17 DAYS PACKAGE COST |
|---|---|
| 04 JAN 2025-20 JAN 2025<br>SV759 G 04 JAN DEL-JED 20:05 -23:05<br>SV756 G 20 JAN DEL 02:15 -09:45 | 95000/- |
| 11 JAN 2025-27 JAN 2025<br>SV759 G 11 JAN DEL-JED 20:05 -23:05<br>SV756 G 27 JAN JED-DEL 02:15 -09:45 | 95000/- |
| 18 JAN 2025-03 FEB 2025<br>SV759 G 18 JAN DEL-JED 20:05 -23:05<br>SV756 G 03 FEB JED-DEL 02:15 -09:45 | 95000/- |
| 25 JAN 2025-10 FEB 2025<br>SV759 G 25 JAN DEL-JED 20:05 -23:05<br>SV756 G 10 FEB JED-DEL 02:15 -09:45 | 95000/- |

:: Our Hotels ::
MAKKAH HOTEL: AL FAJR BADIE 5 550 MTR
MADINAH HOTEL: KARAM AL MADINA 100 MTR
:: Important Documents ::
VALID PASSPORT
PAN CARD
2 PHOTOS WITH WHITE BACKGROUND

Government Reg No: 20XX/04680
www.almataftravel.com
ISO Certified 9001 2002 Company
AL-Mataf Travel
المطاف ٹریول
بہترین خدمات اور مناسب خرچ میں حج وعمرہ کرنے کے لئے رابطہ کریں
Umrah Package 15 Days
Dec 2024 Jan & Feb 2025 / Flight From Delhi
Budget 69,000 Makkah Hotel with Bus service Madina Hotel with Bus service
Standard 82,000 Burj Diyafa 900 Mtrs Erjawan AL Sada 450 Mtrs
S. Deluxe 88,000 Wahat AL Diyafa 550 Mtrs AL Baity 50 Mtrs
Dec 2024 Jan & Feb 2025 / Flight From Patna & Ranchi
Budget 82,000 Makkah Hotel with Bus service Madina Hotel with Bus service
Standard 97,000 Burj Diyafa 900 Mtrs Erjawan AL Sada 450 Mtrs
S. Deluxe 1,11,000 Wahat AL Diyafa 550 Mtrs AL Baity 50 Mtrs
Hajj 2025
INR: 5,70,000 /-
TCS: 5 % Extra
Booking Open
حج مبرور
رمضان المبارک
Ramzaan Umrah 2025
First 20 Days 1,05,000/-
Last 20 Days 1,15,000/-
Full Month 30 Days 1,21,000/-
Umrah Package Includes:
Ticket Visa Food Hotel Ziyarat Laundry Zam zam Transport
We also do 07 Days, 10 Days, 20 Days Customized Umarh Package.
Umrah + Dubai
Umrah + Turkey
Umrah + Uzbekistan
Umrah + Baitul Maqdas
New Travel Partner & Agents are Welcome
We have every week Umrah Group departure from Delhi, Patna & Ranchi.
Head Office: Patna S 103, First Floor, Imam Shopping Center
Patna Market, Ashok Rajpath, Patna - 800004 (Bihar)
Call us:: 8750102283, 9450914885
Delhi 8750420155
Ranchi 9308992564
Varanasi 7860822282
Chapra 9852751170
Siwan 7068782707

انڈو عرب حج عمرہ ٹریولس
INDO Arab Hajj umrah Travels
IATA
Hajj . Umrah . Zeyarat
1st Floor, Behind Woodland Showroom, Sikandar Manzil , Fraser Road ,PATNA -1
CONTACT US ON :- 0612-4013652 , 6207670927 , 9308102375 , 9097171909
Email : indoarabhajjumrahtravels@gmail.com website : www.indoarabhajjumrahtravels.com
Narrated by Abu Huraira : Umrah is an forgiveness for the sins committed.

| 23 DEC 2024 | 23 JAN 2025 | 6 APRIL 2025 |
|---|---|---|
| 1,09,000/- | 1,09,000/- | 1,09,000/- |
| SAUDI AIRLINES | SAUDI AIRLINES | SAUDI AIRLINES |
| PATNA-PATNA | PATNA-PATNA | PATNA-PATNA |

BOOK ATLEAST 20 DAYS BEFORE DATE TO AVAIL BENEFITS
RAMADAN -2025
FIRST 20 DAYS-1,39,000/-
LAST 22 DAYS-1,59,000/-
FULL MONTH-1,79,000/-
BOOKING STARTED FOR RAMADAN & SHAWWAL 2025
HOTEL MAKKAH-MISFLAH
HOTEL MADINA-MARKAZIA
PACKAGE INCLUDES:- FLIGHT TICKET ,VISA & INSURANCE,HOTEL ACCOMODATION (MAKKAH & MADINA), 3 TIMES MEALS,GUIDE FOR ZIYARAT,TRANSPORT FACILITY,ZAMZAM & LAUNDRY
A complete HAJJ UMRAH & ZIYARAT Package Solution